Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

با قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد نمبر 17 | ہفتہ، 16 مئی 2026، 28 ذیقعدہ 1447 ھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 34

بڑی ٹیکنالوجی کمپنی کا پاکستان میں ڈیجیٹل ہیڈکوارٹر قائم کرنے کا اعلان

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بیجنگ یونائیٹڈ ٹیکنالوجی کے بانی اور صدر چیان شیا جن کی سربراہی میں 11 رکنی اعلیٰ سطح کے چینی کاروباری وفد کی ملاقات

یہ ڈیجیٹل ہیڈکوارٹر پاکستان کے چھوٹے، درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کیلئے چین کی وسیع مارکیٹ تک رسائی کا راستہ بنے گا، جس سے برآمدات میں اضافہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بیجنگ یونائیٹڈ ٹیکنالوجی کے بانی اور صدر چیان شیا جن کی سربراہی میں 11 رکنی اعلیٰ سطح کے چینی کاروباری وفد نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی، اس ملاقات میں پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت اور صنعتی تعاون کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی (بقیہ نمبر 2)

ون چائنا پالیسی کی حمایت کرتے ہیں، پاکستان

وزیراعظم کے دورہ روس سے متعلق حتمی اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ تائیوان چین کا ناقابلِ تنسیخ حصہ ہے، پاکستان ون چائنا پالیسی کی حمایت کرتا ہے، ہم دنیا میں ایک ہی چین ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ امریکا اور چین میں رابطوں کو دیکھ رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 1)

افغانستان میں 23 ہزار دہشتگرد ہیں، روس کا دعویٰ

شدت پسند گروہوں کے ہزاروں جنگجو خطے کی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، سرگئی شوئیگو

بشکیک (این این آئی) ایس سی او سلامتی کونسل میں روسی سیکرٹری سرگئی شوئیگو نے افغانستان سے جڑے دہشت گردی و منشیات سمگلنگ خطرات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ افغانستان میں 18 ہزار سے 23 ہزار کے درمیان دہشت گرد موجود ہیں۔ سلامتی (بقیہ نمبر 3)

سرکاری ملازمین کیخلاف تحقیقات، FBR کو اختیار ملنے کا امکان

اے آئی مانیٹرنگ سسٹم سرکاری افسران کے مالی ریکارڈ اور اثاثوں میں غیر معمولی اضافے پر ریڈ فلیگ الرٹس جاری کریگا

ایف بی آر کو ایسے سرکاری ملازمین کی جانچ پڑتال اور تحقیقات کا اختیار دیا جائیگا، سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن

اسلام آباد (آن لائن) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو جائز آمدن سے زائد اثاثے رکھنے والے سرکاری ملازمین کی جانچ پڑتال اور تحقیقات کا اختیار دیے جانے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق حکومت نے سرکاری افسران کے اثاثوں کی (بقیہ نمبر 6)

پنجاب کا ہر شہر لاہور جیسا خوبصورت بنے گا، عظمیٰ بخاری

اچھرہ بازار کی نئی لک دیکھ کر دل کر رہا ہے کہ میں خود بھی وہاں کا ایک چکر لگاؤں، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

مریم کے ترقیاتی اقدامات سے بازاروں کی رونقیں بحال، انارکلی، گھنٹہ گھر، راجہ بازار کی خوبصورتی دیدنی، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ’ایکس‘ پر لاہور کے تاریخی اچھرہ بازار کی تزئین و آرائش کے بعد کی ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی وژن کو شاند (بقیہ نمبر 5)

وفاقی بجٹ کی تیاری، نواز شریف نے وفاقی وزرا کو طلب کر لیا

بڑھتی مہنگائی کے تناظر میں وفاقی بجٹ کی تیاری مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کی مشاورت سے مکمل کی جائیگی

وفاقی حکومت ملکی معاشی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اہم فیصلے کر رہی ہے، جس کے بعد بجٹ کو حتمی شکل دی جائے گی

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم اور ن لیگ کے صدر نواز شریف نے وفاقی بجٹ کی تیاری کے لیے وفاقی وزرا کو جاتی امرا طلب کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک میں بڑھتی مہنگائی کے تناظر میں وفاقی بجٹ کی تیاری مسلم لیگ ن کے (بقیہ نمبر 4)

صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ یاسین، واسا لاہور کی کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مریم نواز کا مین ہول کے نیچے سیفٹی نیٹ لگانے کا حکم

راولپنڈی میں بیوٹیفکیشن کے پراجیکٹس کی تین ماہ میں تکمیل کا حکم دیا، ہائی کورٹ تا شیل پٹرول پمپ بوستان خان روڈ بنے گی، مریم نواز کی زیر صدارت جائزہ اجلاس

کمشنرز نے ویڈیو لنک پر متعلقہ ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں پر رپورٹ پیش کی، وزیراعلیٰ نے صوبہ بھر میں مین ہول ڈھکن کے نیچے سیفٹی نیٹ لگانے کا حکم دیا

گوجرانوالہ میں سیفٹی نیٹ کے پائلٹ پراجیکٹ کے تحت 30 ہزار مین ہول پر پولیسٹر نیٹ لگائے جائینگے، سڑکوں کی خوبصورتی کیلئے دکانوں پر یکساں رنگ کروانیکا حکم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبہ بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کیلئے دوسرے روز بھی اجلاس منعقد کیا۔ کمشنرز نے ویڈیو لنک پر متعلقہ ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں پر رپورٹ پیش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں مین ہول ڈھکن کے نیچے سیفٹی نیٹ لگانے کا حکم دیا۔ پولیسٹر سٹریپ سے بنے ہوئے سیفٹی نیٹ کو مین ہول، گٹر اور ڈرینج پر فکس کیا جائے گا۔ گوجرانوالہ میں سیفٹی نیٹ کے پائلٹ پراجیکٹ کے تحت 30 ہزار مین ہول پر پولیسٹر نیٹ لگائے جائیں گے۔ سڑکوں کے اطراف میں خوبصورتی کیلئے دکانوں پر یکساں رنگ کروانے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عوام کی سہولت کے پیش نظر روڈ کے پراجیکٹ (بقیہ نمبر 9)

12 قائمہ کمیٹیوں کو رپورٹس پیش کرنے کیلئے مہلت

قائمہ کمیٹیاں مقررہ وقت کے اندر اپنی رپورٹس پیش کرنے میں ناکام رہیں

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ نے 12 قائمہ کمیٹیوں کو رپورٹس پیش کرنے کیلئے مزید 2 ماہ کی مہلت فراہم کردی۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس پریزائیڈنگ افسر سینیٹر شیری رحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں انکشاف کیا گیا کہ سینیٹ کی کئی قائمہ کمیٹیاں مقررہ وقت کے اندر اپنی (بقیہ نمبر 7)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کا پی ڈی پی پر پیش رفت کا جائزہ لیا

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے سول سیکرٹریٹ میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے (بقیہ نمبر 8)

اہم حکومتی شخصیات کو ملنے والے تحائف کا ریکارڈ سامنے آگیا

سیاستدانوں اور اہم سرکاری شخصیات کو ملنے والے تحائف کا مزید ریکارڈ سامنے آگیا ہے، رپورٹ

وزیر آئی ٹی، وفاقی وزیر اقتصادی امور، وزیر اطلاعات عطا تارڑ بھی تحائف وصول کرنے والوں کی فہرست کا حصہ ہیں

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ ڈویژن نے جنوری سے مارچ 2026 کی سہ ماہی کا توشہ خانہ ریکارڈ جاری کردیا۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق سیاستدانوں اور اہم سرکاری شخصیات کو ملنے والے تحائف کا مزید ریکارڈ سامنے آگیا ہے۔ سرکاری ریکارڈ کے مطابق صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، چیئرمین سینیٹ اور چیئرمین نیب سمیت کئی وزرا اور اہم شخصیات قیمتی تحائف وصول کرنیوالوں میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق تمام شخصیات نے موصول تحائف توشہ خانہ میں جمع کرا (بقیہ نمبر 10)

ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کی جانب سے عیدالاضحیٰ 2026 کے موقع پر شہر بھر میں صفائی و آگاہی مہم جاری، شہریوں میں ویسٹ بیگز اور آگاہی پمفلٹس تقسیم کیے جا رہے ہیں۔

میٹرو بس انتظامیہ آسان سفری سہولیات فراہم کرنے میں ناکام

مینول ٹکٹنگ سسٹم کے باعث بھی میٹرو اسٹیشنز پر سفر کرنے والوں کی طویل قطاریں لگ گئیں، مناسب انتظام موجود نہیں

آفس ٹائمنگ خصوصاً پیک آورز کے دوران منزل پر پہنچنے والے شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے

راولپنڈی (این این آئی) جڑواں شہروں کے مابین چلنے والی میٹرو بس سروس انتظامیہ بھی شہریوں کو آسان سفری سہولیات فراہم کرنے میں ناکام نظر آرہی ہے۔ مفت سفر ہونے کے باوجود جڑواں شہروں کے مابین سفر کرنیوالے شہری سفر کیلئے طویل قطاروں میں کھڑے رہنے پر مجبور ہیں۔ مینول ٹکٹنگ سسٹم کے باعث بھی میٹرو اسٹیشنز پر سفر کرنے والوں کی طویل قطاریں لگ گئیں۔ آفس ٹائمنگ خصوصاً پیک آورز کے دوران منزل پر پہنچنے والے شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ میٹرو بس انتظامیہ راولپنڈی کے حکام پراسرار طور (بقیہ نمبر 15)

آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی سربراہی میں جرگہ

بلوچستان کی ترقی، خوشحالی واستحکام امن واتحاد وعوامی تعاون سے وابستہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی ایف سی نے ڈیرہ بگٹی کی عوام کے مسائل سن کر موقع پر حل کے احکامات جاری کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق جمعہ کو آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی سربراہی میں ڈیرہ بگٹی میں اہم جرگے کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر، ضلعی افسران، سیاسی قائدین، قبائلی عمائدین اور عوام نے بھرپور شرکت کی۔ جرگے میں امن وامان، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی (بقیہ نمبر 11)

ایڈیشنل ڈی جی سندھ ماحولیاتی ایجنسی کی تعیناتی کی صوبائی حکومت کی اپیل خارج

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی آئینی عدالت نے سندھ ماحولیاتی ایجنسی کے ایڈیشنل ڈی جی کی تعیناتی سے متعلق سندھ حکومت کی اپیل خارج کرتے ہوئے تقرری (بقیہ نمبر 12)

عیدالاضحیٰ کے حوالے سے صفائی اور آگاہی مہم کا آغاز

شہریوں میں صفائی شعور اجاگر کرنے کیلئے آگاہی کیمپ قائم کرنے کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی احکامات کی روشنی میں عیدالاضحیٰ 2026 کے حوالے سے صفائی اور آگاہی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ شہریوں میں صفائی شعور اجاگر کرنے کیلئے شہر بھر میں آگاہی کیمپ قائم کیے جا رہے ہیں جبکہ ڈور ٹو ڈور مہم، مارکیٹس، مساجد اور تفریحی مقامات پر پمفلٹس اور ویسٹ بیگز تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ ستھرا پنجاب ایجنسی کی (بقیہ نمبر 13)

ایف آئی اے کا صرافہ بازار میں چھاپے کے دوران بنائی گئی گمراہ کن ویڈیوز کا نوٹس

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے کراچی نے صرافہ بازار میں کارروائی کے دوران بنائی گئی گمراہ کن وائرل شدہ ویڈیوز کا نوٹس لے لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے (بقیہ نمبر 16)

خاتون منشیات فروش گرفتار، 10 کلو چرس برآمد

خاتون کو مصریال گاؤں حبیب کالونی سے گرفتار کیا، نصیر آباد پولیس

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے خاتون منشیات فروش گرفتار کر کے 10 کلو چرس برآمد کرلی۔ نصیر آباد پولیس کے مطابق خاتون کو مصریال گاؤں حبیب کالونی سے گرفتار کیا ہے۔ گرفتار خاتون شوہر کے ہمراہ منشیات لے کر جا رہی تھی، مشکوک جان پر تلاشی پر چرس برآمد ہوئی۔ حکام کے مطابق خاتون کا شوہر موقع سے فرار ہوگیا جس کی تلاش جاری ہے۔

سینیٹ اجلاس، مفت ولازمی تعلیم ترمیمی بل 2026ء منظور

سکولوں کے نصاب میں کمپیوٹر سائنس و کوڈنگ لازمی مضمون قرار

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ نے مفت اور لازمی تعلیم ترمیمی بل 2026 کی منظوری دیدی۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس پریزائیڈنگ افسر سینیٹر شیری رحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں مفت اور لازمی تعلیم کا ترمیمی بل 2026 پیش کیا گیا۔ ترمیمی بل کے مطابق ایلیمنٹری سے ہائی سکول تک تمام طلباء کیلئے پروگرامنگ سیکھنا اب قانونی طور پر لازم ہوگا، بل کے مطابق رائٹ ٹو فری اینڈ کمپلسری ایجوکیشن ایکٹ 2012ء میں ترمیم کرتے (بقیہ نمبر 14)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے حوالے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات راجہ جہانگیر انور اور سیکرٹری اطلاعات وثقافت سید طاہر رضا ہمدانی سی ایم انیشیٹیو کے تحت تزئین و آرائش و ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینے کیلئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمراء محمد نواز گوندل و دیگر سے ملاقات کر رہے ہیں

سینیٹ نے پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری بل منظور کرلیا

اگر بل آج منظور نہ کیا گیا تو اس کی مدت ختم ہوجائے گی، وزیر صحت مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ نے پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری بل کی منظوری دے دی۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس پریزائیڈنگ افسر سینیٹر شیری رحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے نرسنگ اینڈ مڈوائفری بل پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر بل آج منظور نہ کیا گیا تو اس کی مدت ختم ہوجائے گی۔ سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ اراکین کی رائے ہے بل کو مزید غور کیلئے کمیٹی میں بھیجا جائے۔ بل کو کمیٹی کے سپرد (بقیہ نمبر 19)

شیخ ادریس کی شہادت سے متعلق تفتیش میں اہم پیشرفت

تفتیشی حکام کے مطابق چارسدہ، نوشہرہ اور پشاور کے مختلف علاقوں کی جیو فینسنگ کا عمل بھی جاری ہے

ایک مبینہ ٹارگٹ کلر کے وقوعے کے بعد چارسدہ سے باہر فرار ہونے کی ویڈیو پر بھی تفتیش جاری ہے، حکام

پشاور (این این آئی) چارسدہ میں مولانا شیخ ادریس کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعے سے متعلق تفتیش جاری ہے، جبکہ واردات کے سلسلے میں 7 اہم گرفتاریاں عمل میں لائی گئی ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق ملزمان کو مردان ریجن سے گرفتار کیا گیا ہے اور ان سے مختلف زاویوں سے تفتیش کی جا رہی ہے۔ تفتیشی حکام کے (بقیہ نمبر 28)

سیکرٹری راجہ جہانگیر، سیکرٹری طاہر رضا ہمدانی کا الحمرا دورہ

محمد نواز گوندل نے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات راجہ جہانگیر انور اور سیکرٹری اطلاعات وثقافت سید طاہر رضا ہمدانی کا استقبال کیا

وفد نے، چھتوں کی از سرِ نو تعمیر، فرش کی بحالی، تعمیراتی تکمیلی مراحل، واٹر پروفنگ و بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے کاموں کا جائزہ لیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) لاہور آرٹس کونسل الحمرا میں سی ایم انیشی ایٹو کے تحت جاری تزئین و آرائش اور ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات راجہ جہانگیر انور اور سیکرٹری اطلاعات وثقافت سید طاہر رضا ہمدانی نے الحمرا کا اہم دورہ کیا گیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور (بقیہ نمبر 18)

ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس غلام مصطفیٰ، چیف وارڈن راجہ عامر، ایڈیشنل چیف وارڈن محمد زاہد، ڈویژنل وارڈن کی سربراہی میں کینٹ ڈویژن کے اجلاس کے بعد عہدیداران کا گروپ فوٹو

اسلام آباد ہائیکورٹ، 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کیس

عمران و بشریٰ کے وکلاء کو 20 مئی تک دلائل کیلئے مہلت فراہم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس میں عمران خان و اہلیہ بشریٰ بی بی کے وکلاء کو 20 مئی تک دلائل کیلئے حتمی مہلت فراہم کردی۔ جمعہ کو چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل ڈویژن بینچ نے تحریری (بقیہ نمبر 27)

سیاسی کارکنوں کو جیلوں میں بند کرنا ملکی مفاد میں نہیں

عمل اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے، سینیٹر راجہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر سینیٹر راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ سیاسی کارکنوں کو جیلوں میں بند کرنا ملکی مفاد میں نہیں، عمل اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے، عمران خان و دیگر سیاسی قیدیوں سے ملاقات کر کے رپورٹ (بقیہ نمبر 17)

خلع کی شرح میں اضافہ، فیملی کورٹس میں کیسز کے انبار

ذرائع کے مطابق رواں سال اب تک 45 ہزار سے زائد خلع اور نان نفقہ کے کیسز دائر کیے جا چکے ہیں

گزشتہ 4 سالوں میں 38 ایسے کیسز سامنے آئے جہاں شادی کے محض ایک سے تین ماہ بعد خلع لے لی گئی

اسلام آباد (این این آئی) شہر اقتدار میں خلع کی شرح میں ہوش ربا اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جبکہ فیملی کورٹس میں کیسز کے انبار لگ گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق رواں سال اب تک 45 ہزار سے زائد خلع اور نان نفقہ کے کیسز دائر کیے جا چکے ہیں۔ وفاقی دارالحکومت میں ہر ماہ 9 ہزار سے زائد نئے کیسز کا اندراج ہو رہا ہے، جبکہ روزانہ کی بنیاد پر 300 سے زائد فیملی (بقیہ نمبر 25)

پاک امریکہ تعلقات اعتماد پر مبنی ہیں، محسن نقوی، نیٹلی بیکر

دونوں رہنماؤں کی ملاقات میں پاک امریکا تعلقات اور مشرق وسطیٰ کی تازہ ترین صورتحال پر گفتگو کی گئی

ٹرمپ کے دور میں پاک امریکا تعلقات مضبوط ہوئے، پاک امریکا تعلقات باہمی اعتماد اور دوطرفہ تعاون پر مبنی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکا کے نائب وزیر خارجہ برائے جنوبی و وسطی ایشیائی امور پال کپور کی ملاقات ہوئی، قائم مقام امریکی سفیر نیٹلی بیکر، وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری اور وفاقی سیکرٹری داخلہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں پاک امریکا تعلقات اور مشرق وسطیٰ کی تازہ ترین صورتحال پر گفتگو کی گئی (بقیہ نمبر 22)

سول ڈیفنس کی راجہ عامر اقبال کے اعزاز تقریب

آن لائن بارکوڈ سسٹم متعارف کرانے پر محمد احتشام شاہ بھی اعزاز کے حقدار قرار

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سول ڈیفنس آرگنائزیشن راولپنڈی کینٹ ڈویژن کے زیر اہتمام ایڈیشنل چیف وارڈن محمد زاہد کی سربراہی میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں نئے چیف وارڈن راجہ عامر اقبال کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ تقریب (بقیہ نمبر 20)

ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اہم اجلاس کا انعقاد

ممکنہ بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے جامع اور مؤثر لائحہ عمل ترتیب

چکوال (خاور شہزاد) ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے لیفٹیننٹ کرنل عزیز احمد اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کاشف ذوالفقار کے ہمراہ کی، اجلاس میں پاک فوج کے افسران، ADCG بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز اور مختلف متعلقہ محکموں کے افسران نے (بقیہ نمبر 26)

کندھکوٹ، آندھی وبارش، ٹاورز گرنے سے بجلی نظام متاثر

42 گھنٹے سے زائد وقت گزر جانے کے باوجود بجلی کی فراہمی بحال نہ ہوسکی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ حالیہ بارشوں اور طوفانی ہواؤں کے باعث کندھکوٹ واپڈا ڈویژن سیپکو کے زیر انتظام علاقوں میں 132 کے وی ٹرانسمیشن لائن کے متعدد ٹاورز گرنے سے بجلی کا نظام بری طرح متاثر ہوگیا ہے، جبکہ 42 گھنٹے سے زائد وقت گزر جانے کے باوجود بجلی کی فراہمی بحال نہ ہو سکی، جس کے باعث شہری شدید اذیت کا شکار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ہونے والی تیز بارش اور آندھی نے وسیع (بقیہ نمبر 23)

ڈاکٹر حسن وقار کی زیر صدارت ڈی سی کمپلیکس میں اجلاس

راولپنڈی کو سرسبز، ماڈل شہر بنانے کیلئے ادارے باہمی تعاون سے اقدامات کریں

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ کی زیر صدارت ڈی سی کمپلیکس میں بیوٹیفکیشن سکیموں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر کینٹ، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر کلر سیداں، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن راولپنڈی سمیت (بقیہ نمبر 21)

مویشی منڈیوں کے انتظامات، سکیورٹی بارے اجلاس

عیدالاضحیٰ کے دوران شہریوں کی سہولت، امن کا قیام انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عیدالاضحیٰ کے موقع پر قائم ہونے والی مویشی منڈیوں کے انتظامات، سکیورٹی اور شہری سہولیات کے حوالے سے اہم اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پولیس، ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مویشی منڈیوں میں سکیورٹی انتظامات، ٹریفک مینجمنٹ، صفائی ستھرائی، لائٹنگ، پینے کے صاف پانی، ویٹرنری سہولیات اور ہنگامی صورتحال (بقیہ نمبر 24)

چکوال: ڈپٹی کمشنر سارہ حیات آرمی اور پولیس افسران کے ہمراہ سیف سٹی سنٹر کا دورہ کر رہی ہیں

صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل کھوکھر کا جی سی یونیورسٹی میں معرکہ حق کی مناسبت نمائشی ہاکی میچ کھیلنے والے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بڑھتی آبادی کا دباؤ!

وزیراعظم شہباز شریف نے بڑھتی ہوئی آبادی کے پیشِ نظر ہاوسنگ سیکٹر میں جامع اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ حکومت کا یہ عزم ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب آبادی کا بے ہنگم پھیلاو سکڑتی زرعی زمین اور شہری پھیلاؤ بڑے ملکی چیلنجز بن چکے ہیں۔ 2023 کی ڈیجیٹل مردم شماری کے مطابق ملک کی مجموعی آبادی 24 کروڑ سے متجاوز ہے اور اس میں سالانہ 2.55 فیصد کی شرح سے اضافہ ہو رہا جو نہ صرف جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ ہے بلکہ ملکی وسائل پر ایک ایسا بوجھ ثابت ہو رہا ہے جسے برداشت کرنا اب معیشت کے بس میں نہیں رہا۔ ہاوسنگ سیکٹر کا براہ راست تعلق زمین کے استعمال سے ہے لہٰذا اس سیکٹر میں اصلاحات کی اہمیت محض رہائش کی فراہمی تک محدود نہیں بلکہ ملک کی غذائی ضروریات کا تحفظ بھی اسی کے ذریعے ممکن بنایا جا سکتا۔ جب تک رہائشی منصوبوں کو ایک ضابطے کے تحت نہیں لایا جاتا تب تک آبادی کے سیلِ رواں کو منظم کرنا اور اسکے معاشی وسماجی اثرات سے نمٹنا ممکن نہ ہوگا۔ ہاوسنگ سیکٹر کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ملک کو اس وقت تقریباً سوا کروڑ رہائشی یونٹس کی قلت کا سامنا ہے۔ اس قلت کو پورا کرنے کیلئے پے بہ پے رہائشی سکیموں کا جو طریقہ اختیار کیا گیا اس نے ملک کے ماحولیاتی اور زرعی توازن کو درہم برہم کر کے رکھ دیا ہے۔ ہماری زرعی زمینیں جو کبھی ملک کی فوڈ باسکٹ کہلاتی تھیں اب تیزی سے کنکریٹ کے جنگلات میں تبدیل ہو رہی ہیں۔ زراعت پاکستان کی معیشت کا سب سے بڑا ستون ہے یہ شعبہ جی ڈی پی میں تقریباً 24 فیصد کا حصہ دار ہے۔ اگر زرعی زمین رہائشی استعمال میں آ جائے گی تو نہ صرف خوراک کی پیداوار کم ہو گی بلکہ زرعی خام مال پر انحصار کرنے والی صنعتیں بھی مفلوج ہو کر رہ جائیں گی۔ اس کا ایک نتیجہ خوراک کے بحران اور زرعی درآمدات کے اربوں ڈالر کے بل کی صورت میں ہم پہلے ہی بھگت رہے۔ زرعی زمین کے نقصان کیساتھ بے ہنگم شہری پھیلاو ماحولیاتی اور انتظامی مسائل کو دوچند کرنے کا بھی سبب بن رہا ہے۔ حالیہ برسوں میں ملک کے تمام بڑے شہروں کو اربن فلڈنگ کے بدترین تجربات سے گزرنا پڑا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ قدرتی ندی نالوں نکاسی آب کے راستوں اور گرین بیلٹس پر غیر قانونی تعمیرات ہیں۔ فضائی آلودگی اور سموگ سمیت روزانہ گھنٹوں ٹریفک جام جیسے متعدد مسائل بے ہنگم آبادی کے مسئلے سے جڑے ہوئے ہیں۔ تیزی سے بڑھتی آبادی صرف رہائش کا مسئلہ ہی نہیں پیدا کر رہی بلکہ تعلیم صحت اور روزگار کے مواقع کو بھی سکیڑ رہی ہے۔ پاکستان کی دو تہائی سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جو ملک کیلئے قیمتی معاشی اثاثہ ثابت ہو سکتے لیکن مناسب منصوبہ بندی کی عدم موجودگی میں یہ کثیر طبقہ معاشی بوجھ بنتا جا رہا ہے۔ ہر سال دسیوں لاکھ نئے نوجوان روزگار مارکیٹ میں داخل ہوتے لیکن سست معاشی شرح نمو اور محدود صنعتی ترقی کے باعث انہیں نوکریاں نہیں ملتیں نتیجتاً بیروزگاری اور جرائم کی شرح میں خطرناک شرح سے اضافہ ہو رہا۔ اس ہولناک صورتحال سے نکلنے کا واحد راستہ مناسب شہری منصوبہ بندی اور پائیدار زرعی حکمت عملی ہے۔ افقی کے بجائے شہروں کا عمودی پھیلاؤ اور بلند و بالا رہائشی عمارتوں کی تعمیر کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ روایتی کے بجائے جدید بلاکس تعمیرات نہ صرف لاگت میں کمی لا سکتی بلکہ بدلتے موسمی حالات سے بھی بہتر انداز میں نمٹ سکتی ہیں۔ معاشی نقطہ نظر سے ہاوسنگ سیکٹر ملکی معیشت میں نئی روح پھونکنے کی صلاحیت رکھتا ہے کیونکہ اس کیساتھ 40 سے زائد صنعتیں وابستہ ہیں لہٰذا ہاوسنگ سیکٹر میں اصلاحات محض ایک انتظامی ضرورت نہیں بلکہ ملک کے معاشی اور ماحولیاتی تحفظ کا معاملہ ہے۔ اگر آج ہم نے اپنی زمین اپنی زراعت اور اپنے شہروں کو بچانے کیلئے جرات مندانہ فیصلے نہ کیے تو غذائی قلت ماحولیاتی تباہی اور معاشی ابتری جیسے مسائل ہمارے پیروں کی مستقل بیڑیاں بنے رہیں گے۔

قرضوں کا بوجھ

سٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعدادوشمار کے مطابق ملک کا مجموعی قرضہ تاریخ کی بلند ترین سطح 80ہزار 524ارب روپے تک پہنچ چکا ہے جو گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں تقریباً 2636ارب روپے زیادہ ہے۔ یہ اضافہ اس حقیقت کا عکاس ہے کہ حکومت اب بھی اپنے مالیاتی نظام کو سنبھالنے کیلئے بڑے پیمانے پر قرضوں پر انحصار کر رہی ہے۔ رواں مالی سال میں سب سے زیادہ اضافہ اندرونی قرضوں میں ہوا جو تین ہزار ارب روپے سے تجاوز کر گیا۔ ماہرین کے مطابق اس صورتحال کی بنیادی وجوہات مالی خسارہ بلند شرح سود کمزور ٹیکس نظام درآمدات پر انحصار اور بڑھتے ہوئے سرکاری اخراجات ہیں۔ ملکی معیشت کئی دہائیوں سے قرضوں کے سہارے چل رہی ہے۔ جب کوئی معیشت مسلسل قرضوں پر انحصار کرے تو اس کی پیداواری صلاحیت متاثر ہوتی ہے سرمایہ کاری سست پڑ جاتی ہے اور عوامی فلاح کے شعبے نظر انداز ہونے لگتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ قرضوں کے انبار کے باوجود نہ تو مہنگائی کم ہو سکی ہے نہ بیروزگاری اور نہ ہی عام آدمی کی زندگی میں بہتری آ سکی ہے۔ حکومت کو اب قرض لے کر وقتی معاشی استحکام کا تاثر دینے کے بجائے برآمدات ترسیلاتِ زر اور بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا ہو گی جو قومی آمدنی میں اضافے کے حقیقی ذرائع ہیں۔ پاکستان کو قرض پر چلنے والی معیشت سے نکل کر پیداوار برآمدات اور سرمایہ کاری پر مبنی معیشت کی جانب بڑھنا ہوگا کیونکہ پائیدار خوشحالی کا راستہ یہی ہے۔

ممکن نا ممکن ......!

آئیں یہ سوتنیں کبھی ہمراہ
ہاتھ میں ڈالے ہاتھ، ناممکن
آگ پانی کا میل ممکن ہے
گرمی بجلی کا ساتھ، ناممکن

انور شعور

فضول خرچی میں کیا حرج ہے؟

attaul.haq@janggroup.com.pk

کچھ لوگ عزت دینے میں بہت فضول خرچ ہوتے ہیں۔ انھیں دراصل عزت ملی بہت ہوتی ہے، چنانچہ وہ اسے خرچ بھی بے دریغ کرتے ہیں حالانکہ عزت ملنے والوں میں کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جنھیں عزت سے الرجی ہوتی ہے، بالکل اسی طرح جیسے کئی لوگوں کو پھولوں سے الرجی ہوتی ہے۔ چنانچہ اگر انھیں کوئی محبت سے پھول پیش کر دے تو وہ چھینک چھینک کر آسمان سر پر اٹھا لیتے ہیں۔ چنانچہ یہ لوگ ساری عمر خوشبو کیلئے ترستے رہ جاتے ہیں۔ عزت سے الرجک لوگوں کی اگر کوئی عزت کرے تو وہ اسے عزت دینے سے روک تو نہیں سکتے، چنانچہ اپنی شخصیت کے ایسے پہلو سامنے لانے لگتے ہیں کہ عزت دینے والا سوچنے پر مجبور ہو جائے کہ یار یہ میں کس کی عزت کرتا رہا ہوں؟

عزت ہضم نہ کر سکنے والوں کی ایک قسم اور بھی ہے، یہ کم ظرف لوگ ہیں۔ انھیں جب ان کے حصے سے زیادہ عزت ملتی ہے تو انھیں اپھارہ ہو جاتا ہے اور یوں عزت کی بدہضمی کی وجہ سے ان کا پیٹ غبارہ بننے لگتا ہے، چنانچہ وہ عزت دینے والے کی عزت گھٹانے میں لگ جاتے ہیں۔ جو لوگ عزت کے مستحق نہیں ہوتے اور آپ ان کی عزت کرتے ہیں تو ان میں سے کئی آپ کے خلاف سازشیں کرنے لگ جاتے ہیں۔ اگر آپ بے وقوف ہیں اور ان سازشوں کے سدباب کیلئے ان کے مقابل کھڑے ہو جاتے ہیں تو ان کا مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ جب آپ کسی کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ شاید وہ آپ کے تھلے لگ گیا ہے، چنانچہ وہ اپنی آستین سے طعنوں اور کمینگیوں کا خنجر نکال کر آپ پر حملہ آور ہو جاتا ہے، لہٰذا کسی کیلئے آسانیاں پیدا کرنے سے پہلے اس کی سوچ کا الٹراساونڈ ضرور کرا لینا چاہئے۔ یہ ساری باتیں میں یوں کر رہا ہوں کہ میری ساری زندگی رنگ برنگے لوگوں کے درمیان گزری ہے۔ میں نے ہر طرح کی زندگی گزاری ہے۔ لیکچرر سے لے کر سفیر پاکستان۔ اور سفیر پاکستان سے متعدد علمی وادبی اور ثقافتی اداروں کی سربراہی تک کا سفر بھی میں نے طے کیا ہے۔ بطور ادیب اور بطور کالم نگار مجھے کروڑوں لوگوں کی بے پناہ محبت حاصل رہی ہے، چھ بہنوں کے اگر دو بھائی ہوں اور اللہ کی رضا کے تحت ان دو میں سے ایک ہی رہ جائے تو بہنوں کی محبت کا اندازہ بآسانی لگایا جا سکتا ہے۔ والد اور والدہ کی بے پناہ محبت کا تو ذکر ہی کیا۔ اس کے علاوہ بھی بہت سی محبتیں ملی ہیں مگر ان میں سے کوئی ایک محبت بھی ایسی نہیں یا میری کوئی ایک بھی خوبی ایسی نہیں جس میں میرا کوئی ذاتی کمال ہو۔ مجھے میرے دوست آگے لے کر آئے، وہ میرے راستے کے کانٹے چنتے رہے، ان میں سے جو فوت ہو گئے ہیں، میں ان کی قبروں پر پھول چڑھانے جاتا ہوں اور جو زندہ ہیں، میں ہر لمحہ ان کی خوشبوؤں کے حصار میں رہتا ہوں۔ زندگی میں دو طرح کے لوگ ہوتے ہیں، ایک وہ جن کے راستے میں کانٹے بچھائے گئے ہوتے ہیں، چنانچہ جب وہ کسی اعلیٰ منصب پر پہنچتے ہیں تو ان میں سے کچھ کم ظرف ہر نئے آنیوالے کے راستے میں کانٹے بچھا کر اپنے ماضی کا انتقام لیتے ہیں اور دوسری طرح کے لوگ پسے ہوئے طبقوں کیلئے اسی طرح آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں جیسے ان کیلئے دوسروں نے آسانیاں پیدا کی تھیں۔

یہ وہ پس منظر ہے جس نے زندگی میں میرے رویے متعین کیے ہیں۔ میرے پاس ہر طرح کے لوگ آتے ہیں، دوست بھی دشمن بھی، منافق بھی، بہت کم عرصے میں ان کی سوچ اور عمل کے مختلف پہلو مجھ پر عیاں ہو جاتے ہیں، مگر میں دوستوں کے علاوہ دشمنوں، حاسدوں، منافقوں اور اس نوع کے دوسرے لوگوں کے ساتھ یہ سوچ کر پورے خلوص سے ملتا ہوں کہ کوئی انسان پرفیکٹ نہیں ہوتا۔ میں انھی لوگوں میں سے ہوں جو عزت دینے میں بہت فضول خرچ واقع ہوئے ہوتے ہیں بلکہ جب کبھی کوئی دوست چہرے سے نقاب اتار کر کھلم کھلا دشمنی پر اتر آتا ہے تو بھی میں اس کے مقابل نہیں آتا۔ بس اس کو اس کے حال پر چھوڑ دیتا ہوں۔ میں سوچتا ہوں کہ اس کی منفی سوچ نے اسے آج تک کیا دیا ہے اور میں اگر مثبت نظر سے چیزوں کو دیکھتا ہوں تو کیا زندگی میں مجھے اس سے کوئی نقصان پہنچا ہے؟ جواب یہی ملتا ہے کہ منفی سوچ آپ کو مسلسل پیچھے لے جائیگی اور اگر آپ کا کوئی دوست ہے بھی تو وہ بھی ہاتھ سے نکل جائے گا جبکہ مثبت سوچ کے نتائج بھی مثبت ہی برآمد ہوں گے! مجھے زندگی میں جن بے شمار کرداروں سے ملاقات کا موقع ملا ہے، ان میں میرا ایم اے او کالج کا ایک کولیگ تھا جس میں بہت خوبیاں تھیں۔ وہ ذہین تھا، خوش کلام تھا، شعر و ادب کا عمدہ ذوق رکھتا تھا، اچھی نثر لکھنے کی بھی اس میں بھرپور صلاحیت تھی۔ وہ اپنی عملی زندگی کے آغاز ہی میں زندگی کی تمام آسائشیں حاصل کرنا چاہتا تھا جو ممکن نہیں ہوتا۔ چنانچہ اس کی ذہنی پریشانیوں نے اسے زندگی میں اس مقام پر فائز نہ ہونے دیا جس مقام کا وہ مستحق تھا۔ وہ ایک روز مجھے ملنے آیا تو شدید ڈپریشن کا شکار دکھائی دیتا تھا۔ میں چونکہ خود بھی ڈپریشن کا ہلکا پھلکا مریض ہوں، چنانچہ میں اس کی کیفیت سمجھ گیا۔

میں نے اس روز اس کی تحلیل نفسی کی ٹھانی اور بالآخر اسکی رپورٹ اسے پیش کرتے ہوئے کہا تمہارے ذہن پر ایک خلش کا بہت زیادہ بوجھ ہے جو تمہاری زندگی میں زہر گھول رہی ہے یا یہ خلش ذہن سے نکال دو یا اس خلش کے ساتھ زندہ رہنا سیکھو۔ اس نے پوچھا یہ خلش کیا ہو سکتی ہے؟ میں نے کہا میں نے اس ضمن میں اندازہ لگانے کی کوشش کی ہے لیکن کچھ کہا نہیں جا سکتا تم اگر جانتے ہو تو اس کا مداوا وہی ہے جو میں نے ابھی بیان کیا ہے! میں نہیں جانتا میرا یہ دوست آج کل کہاں ہے۔ وہ زندگی میں جو چاہتا تھا، وہ اسے مل گیا یا اسکی ذہنی الجھن نے اس کے عمل کی ڈوریں مزید الجھا دی ہیں؟ خدا کرے اس نے منزل تک پہنچنے کیلئے صحیح راستے کا انتخاب کیا ہو۔

☆☆☆☆

ہمیشہ کی زندگی اور دائمی بادشاہت

آدم کو کس چیز نے مائل کیا کہ بالآخر انہوں نے شجرِ ممنوعہ کو ہاتھ لگا ہی دیا۔ اس سے پہلے یہ کہ آدم کی تخلیق کیسے ہوئی تھی۔ کیا آناً فاناً کن جاری ہوا اور ایک جسم مجسم ہو گیا؟ خدا کہتا ہے: اور ہم نے پانی سے ہر زندہ چیز کو پیدا کیا۔ الانبیا 30۔ کیا آدم ان زندہ چیزوں میں شامل نہیں۔ کھنکھناتے ہوئے گارے میں ایسا کیا ہوتا ہے۔ یہ وہ مٹی ہے، جس میں کاربوہائیڈریٹس ہوتے ہیں، جو زندگی کا بنیادی جزو ہیں۔ پانی انہیں ایک دوسرے سے تعامل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ خدا کو کسی بات کی کوئی جلدی تو ہوتی نہیں۔ یہ نظام شمسی کائنات کی تخلیق کے 9ارب سال بعد تخلیق ہوا۔ امتحان انسان یا ہوموسیپین کا ہونا تھا اور وہ سب سے آخر میں جا کر تخلیق ہوا یعنی آج سے تین لاکھ سال قبل۔ سولہ کروڑ سال اس زمین پہ ڈائنا سار راج کرتے رہے۔ انسان یہ سمجھتا ہے کہ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ نری خوش فہمی، کسی بھی لمحے اس کا صفایا ہو جائیگا۔ ہومو اریکٹس سے لے کر نینڈرتھل مین تک، کئی انسان اس دنیا پہ راج کرتے رہے۔ وہ بھی اس زعم میں تھے کہ ہم سب پہ غالب ہیں۔ پھر کیا نتیجہ نکلا؟ نتیجہ یہ نکلا کہ ہوموسیپین پیدا ہو گیا اور ان سب کا صفایا ہو گیا۔ کیا کل ہوموسیپین سے زیادہ ذہین اور طاقتور کوئی اور مخلوق پیدا ہو سکتی ہے؟ حضرت ہود نے اپنی قوم سے کہا تھا: میرا رب تمہاری جگہ اوروں کو لے آئے گا اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے۔

بیشک میرا رب ہر شے پر نگہبان ہے۔ ہود 57۔ نہ صرف یہ کہ ایسی کوئی نئی اسپیشیز پیدا ہو سکتی ہیں بلکہ انسان کرہ ارض پہ اپنے تمام تر کنٹرول کے باوجود اسکا کچھ بگاڑ بھی نہیں سکے گا۔ سورۃ النسا میں لکھا ہے: اے لوگو! اگر وہ چاہے تو تمہیں ختم کر دے اور دوسرے لوگوں کو لے آئے، اور اللہ اس پر پوری طرح قادر ہے۔ 133۔

شیطان آدم کے پاس گیا اور کہا: اے آدم کیا میں تمہیں بتا دوں ہمیشہ کا پیڑ اور وہ بادشاہی، جس میں کبھی کوئی کمی نہ آئے۔) طٰہٰ (120 اس نے ہمیشہ کی زندگی اور ہمیشہ کی بادشاہت کا سپنا دکھایا۔ حوا بھی ان کے ساتھ موجود تھیں اور غالباً انہوں نے آدم کو قائل کرنے میں بڑا کردار ادا کیا۔ پھل کھانے کی دیر تھی، لباس غائب ہو گیا۔ ہوموسیپین کو زمین پہ اتار دیا گیا۔

نکالا ہم کو جنت سے فریب زندگی دیکر
دیا پھر شوق جنت کیوں یہ حیرانی نہیں جاتی

یہ واقعہ ہے آج سے 30ہزار سال پہلے کا، جب زمین پہ یعنی نینڈرتھل کا خاتمہ ہو چکا تھا۔ آدم کو زمین پہ اتار کر ایک کمزور جسم میں ٹھہرا دیا گیا۔ یہ کمزور جسم کھانستا اور کانپتا ہے۔ اسے بھوک لگتی ہے۔ اسے گرمی ستاتی ہے۔ اسے بخار ہوتا ہے۔ یہ جسم بڑا ہی نازک ہے۔ اس جسم میں زندگی ایک خاص حد سے زیادہ آرام دہ بنائی ہی نہیں جا سکتی۔ ایک انسان جب دنیا جہان کی دولت کما کر، دنیا کی سب سے حسین عورت سے شادی کیلئے اسٹیج پر بیٹھتا ہے تو اچانک اسے مائیگرین کا شدید درد شروع ہو جاتا ہے۔ اسے فوڈ پوائزننگ ہو جاتی ہے۔ سامنے بیٹھا ہوا رشتے دار ایک زہریلا جملہ کستا ہے۔ یہ وہ دنیا ہے، جہاں محمد علی جیسے باکسر کا جسم لرزنا شروع ہو جاتا ہے۔ یہ ہے اس دنیا کی زندگی۔ یہ ہے وہ بادشاہت، جس کا شیطان نے انسان کو لالچ دیا تھا۔ اسکے باوجود جنت کا متلاشی زمین پہ محلات تعمیر کرتا ہے۔ آج بھی شیطان انسان کو کیسے کیسے فریب دیتا ہے۔ کہتا ہے، نیچر کے قریب ہو جاؤ، لباس اتار دو، برہنہ ہو کر زندگی گزارو، سکون پاؤ گے۔ ایک ڈاکومنٹری دیکھی، جس میں انسانوں کو اپنے ماضی کی اذیتیں بھلانے کیلیا ایک تھیراپی ایجاد کی گئی تھی۔ وہ تھیراپی یہ تھی کہ جنگل میں جا کر لباس اتار کے مرد اور عورتیں ایک دوسرے کے گلے لگ کر زور زور سے روئیں۔ قرآن میں لکھا ہے: اور کعبہ کے پاس ان کی نماز اس کے سوا اور کیا ہے کہ سیٹیاں اور تالیاں بجائیں۔) الانفال (35 برہنہ ہو کر کفار مکہ کعبہ کے گرد تالیاں اور سیٹیاں بجاتے اور اسے نیکی کا کام سمجھتے۔ کعبہ کے اندر بت پڑے تھے۔

جو میں سر بسجدہ ہوا کبھی تو زمیں سے آنے لگی صدا
ترا دل تو ہے صنم آشنا تجھے کیا ملے گا نماز میں

لطیفہ یہ ہے کہ شیطان آج بھی انسانوں کو ہمیشہ کی بادشاہی کا سپنا دکھاتا ہے۔ اس سے بھی بڑا لطیفہ یہ ہے کہ اس کھانستے، تھوکتے اور کانپتے جسم والا انسان مان بھی جاتا ہے۔ اس پہ شیخ حسینہ جیسی دیوانگی طاری ہو جاتی ہے۔ وہ مخالفین کو جیل میں ڈال دیتی ہے۔ تمام اداروں پہ قبضہ کر لیتی ہے۔ تمام الیکشن ہیچ کر لیتی ہے۔ آج وہی شیخ حسینہ بھارت بیٹھی ہے۔ یہ ہے کل انسانی عقل۔ انسان روز اپنے پیاروں کے جنازے اٹھاتا ہے مگر اسی شدید کیساتھ دائمی بادشاہت قائم کرنے کے جنون میں برسرِ پیکار رہتا ہے؛ حتیٰ کہ ایک دن پھر اسے زمین میں دفن کر دیا جاتا ہے۔

تم سے پہلے وہ جو اک شخص یہاں تخت نشیں تھا
اس کو بھی اپنے خدا ہونے پہ اتنا ہی یقیں تھا

79 سالہ ٹرمپ اور 73 سالہ پیوٹن نے اس دنیا کو ایک جہنم زار بنا دیا ہے۔ دونوں بزرگ اپنی موت کی طرف بڑھ رہے ہیں مگر دل و دماغ پہ پردے ڈال دیے گئے ہیں۔ انہی دونوں کا کیا ذکر، پورے کرہ ارض پہ انسان ایک دوسرے سے نبرد آزما ہیں۔ لوگ کمسن ملازماؤں کو تشدد کر کر کے مار ڈالتے ہیں۔ انسانوں کی اکثریت اپنے ماتحتوں کی تذلیل کرتی ہے۔ ہر انسان دیوانہ وار دولت اور اقتدار حاصل کرنے کی تگ و دو میں ہے۔ پھر ایک دن اس کا ٹکٹ کٹ جاتا ہے اور وہ پرویز مشرف کی طرح ہمیشہ کی زندگی اور دائمی اقتدار کا خواب لیے قبر میں جا اترتا ہے۔ تب وہ سوچتا ہے:

وائے نادانی کہ وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا، جو سنا افسانہ تھا

کسی شہ دماغ نے کہا تھا: لوگ سوئے پڑے ہیں۔ موت آئے گی، تب جاگیں گے!

بے حسی یا پریشان حالی



وہ بولا ہم بے حس نہیں ہوئے ... ہم بس اتنے تھک گئے ہیں کہ احساس اٹھانے کی سکت باقی نہیں رہی۔ یہ جملہ اس نے ایسے کہا جیسے کوئی شخص اپنی قبر کے کتبے پر آخری لفظ کندہ کرتا ہے۔ اسکی آواز میں چیخ نہیں تھی، کیونکہ مسلسل چیخنے والے لوگ ایک دن خاموش ہو جاتے ہیں۔ اور یہ خاموشی دنیا کی سب سے خوفناک آواز ہوتی ہے۔ میں نے پوچھا، تم اتنے پریشان کیوں رہتے ہو؟ وہ ہنسا نہیں، صرف ایک ٹھنڈی سانس اسکے ہونٹوں سے نکلی۔ بولا، پریشانی اب کوئی کیفیت نہیں رہی، یہ ہماری شہریت بن چکی ہے۔ پھر اس نے زندگی کا حساب شروع کیا۔ ایسا حساب جو ریاضی نہیں، انسانی شکست کا نوحہ تھا۔ تنخواہ باون ہزار ہے۔ بیس ہزار مکان کھا جاتا ہے۔ سات ہزار بجلی پی جاتی ہے۔ گیس تین ہزار مانگتی ہے جیسے آگ بھی اب امیروں کی جاگیر ہو گئی ہو۔ راشن تیس ہزار سے کم میں نہیں آتا۔ دو بچوں کی فیس دس ہزار ہے۔ موٹر سائیکل میں پٹرول نہیں ڈالتا، اپنی ہڈیاں جلاتا ہوں۔ دو موبائل چار ہزار لے جاتے ہیں، کیونکہ اس زمانے میں رابطہ بھی روٹی کی طرح لازمی ہے۔ تیسرا بچہ بیمار رہتا ہے۔ اسکی دوائیوں اور دودھ پر الگ خرچ ہے۔ ابھی کپڑے، جوتے، کسی رشتے دار کی بیماری، کسی شادی، کسی جنازے کو شامل نہیں کیا۔ یہ سب ملا کر بانوے ہزار بنتے ہیں۔ اور میرے پاس صرف باون ہزار ہوتے ہیں۔ ہر مہینے میری زندگی کا سب سے بڑا سوال یہ نہیں ہوتا کہ میں خوش ہوں یا اداس ... بلکہ یہ ہوتا ہے کہ باقی چالیس ہزار کہاں سے آئیں گے۔ یہ کہتے ہوئے اسکا چہرہ کسی ایسے آدمی کا چہرہ لگ رہا تھا جو زندہ تو ہو مگر زندگی سے خارج ہو چکا ہو۔ پھر وہ اچانک خاموش ہو گیا۔ لمبی خاموشی کے بعد بولا: اب مجھے یہ بھی معلوم نہیں کہ بلاول بھٹو وزیراعظم بن گیا ہے یا ابھی تک شہباز شریف کی حکومت ہے۔ ایران اور امریکہ کی جنگ میں کیا ہو رہا ہے۔ انڈیا کے ساتھ ہمارے تعلقات کیسے ہیں۔ دنیا کس طرف جا رہی ہے۔ معیشت ڈوب رہی ہے یا سنبھل رہی ہے۔ مجھے کچھ یاد نہیں رہتا۔ ہاں ... اتنا ضرور معلوم ہے کہ پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز ہے ... اور خان ابھی تک جیل میں ہے۔ یہ کہتے ہوئے اس کی آنکھوں میں عجیب خلا تھا۔ جیسے ایک پورا انسان اپنے ہی اندر سے بے دخل ہو چکا ہو۔ مجھے اس لمحے احساس ہوا کہ غربت صرف جیب خالی نہیں کرتی، شعور بھی کھا جاتی ہے۔ افلاس صرف دسترخوان نہیں چھینتا، آدمی کے اندر کی دنیا بھی ویران کر دیتا ہے۔ جب انسان ہر مہینے اپنی بقا کیلئے لڑ رہا ہو تو اسے عالمی سیاست یاد نہیں رہتی۔ وہ فلسفے نہیں سوچتا، صرف آٹے کی قیمت سوچتا ہے۔ وہ نظریات نہیں پڑھتا، بجلی کے یونٹ گنتا ہے۔ اسے اقوام متحدہ کی قراردادوں سے زیادہ فکر اس بات کی ہوتی ہے کہ بچوں کے اسکول کی فیس آخری تاریخ سے پہلے کیسے جمع ہو گی۔ یہی وہ مقام ہے جہاں بے حسی جنم لیتی ہے۔ بے حسی دراصل انسان کی فطرت نہیں، مسلسل ذلت کا آخری مرحلہ ہے۔ جب دکھ حد سے بڑھ جائے تو انسان رونا چھوڑ دیتا ہے۔ اور جب مسائل زندگی کے ہر دروازے پر پہرہ بٹھا دیں تو آدمی احساسات بند کر دیتا ہے، تاکہ زندہ رہ سکے۔ یہ قوم اب جذبات سے نہیں، بقایا جات سے چل رہی ہے۔ یہاں ہر شخص کے سینے میں دل نہیں، ایک نامکمل بجٹ دھڑکتا ہے۔ ہم ایک ایسے معاشرے میں زندہ ہیں جہاں اوپر سے چمکتی ہوئی سڑکیں دکھائی جاتی ہیں، مگر انکے نیچے انسانوں کی ٹوٹی ہوئی ہڈیاں دفن ہیں۔ جہاں ترقی کے اشتہار بہت خوبصورت ہیں مگر گھروں کے اندر فاقے بدصورت حقیقت کی طرح بیٹھے ہیں۔ جہاں حکمران قوم کو خوشحالی کے خواب دکھاتے ہیں اور عوام نیند کی گولی خریدنے کی استطاعت بھی کھو چکے ہیں۔ پاکستان اب دو حصوں میں تقسیم ہو چکا ہے۔ ایک وہ پاکستان جو ٹی وی اسکرین پر آباد ہے۔ روشن، شاندار، کامیاب، مسکراتا ہوا۔ اور دوسرا وہ پاکستان جو کچن کے خالی ڈبوں میں رہتا ہے۔ جہاں مائیں سالن میں پانی بڑھا کر بچوں کو تسلی دیتی ہیں۔ جہاں باپ رات کو دیر تک جاگتا ہے تاکہ بچے اس کی خاموش آنکھوں میں شکست نہ دیکھ لیں۔ یہاں لوگ مرتے کم ہیں، گھلتے زیادہ ہیں۔ آدمی اچانک ختم نہیں ہوتا، تھوڑا تھوڑا ختم ہوتا ہے۔ ایک قسط بجلی کے بل میں مرجاتی ہے۔ ایک قسط بچوں کی فیس میں۔ ایک قسط کرائے کے مکان میں۔ اور باقی ماندہ حصہ سماج کی بے رحم بے حسی کھا جاتی ہے۔ پھر ایک وقت آتا ہے جب انسان کو اپنی ذات بھی یاد نہیں رہتی۔ وہ صرف اخراجات کا مجموعہ بن جاتا ہے۔ اس نے آخر میں مجھ سے کہا: مجھے اب یہ بھی یاد نہیں کہ میں کون تھا۔ کبھی خواب دیکھتا تھا۔ کبھی نظریات رکھتا تھا۔ کبھی دوستوں کے ساتھ ملک بدلنے کی باتیں کرتا تھا۔ اب صرف اتنا جانتا ہوں کہ مہینہ تیس دن کا نہیں ... چالیس ہزار کا ہوتا ہے۔ اور میں دیر تک سوچتا رہا ... شاید قومیں جنگوں سے اتنی تباہ نہیں ہوتیں جتنی مسلسل پریشان حالی سے تباہ ہوتی ہیں۔ کیونکہ جنگیں جسم مارتی ہیں، اور غربت ... انسان کے اندر کا انسان۔

☆☆☆

OFFICE OF THE MEDICAL SUPERINTENDENT
RAWALPINDI TEACHING HOSPITAL
RAWALPINDI

Ref. No. PC/RTH/ 1835 Dated: 12-05-2026

TENDER NOTICE

Rawalpindi Teaching Hospital Rawalpindi invites bids from well reputed firms & contractors who are registered with Income Tax, Sales Tax and Professional Tax and are on Active Taxpayers list of the Federal Board of Revenue, for Procurement of Linen Material, Dental Material, Instrument/Equipment & Refilling of LPG Gas Cylinder through E-Tendering on e-Punjah Acquisitions and Disposal System.

Lot #	Particulars	Estimated Cost Rs.	Bid Security @ 2%	Delivery Period
1	Linen Material FY 2026-2027	7,609,800	152,196	10.06.2026
2	Dental Material FY 2026-2027	3,195,500	63,910	10.06.2026
3	Instrument / Equipment FY 2026-2027	9,537,500	190,750	10.06.2026
4	Refilling of LPG Gas Cylinder FY 2026-2027	10,250,000	205,500	10.06.2026

1. Procurement of Linen Material, Dental Material, Instrument/Equipment & Refilling of LPG Gas Cylinder shall be made in accordance with Punjab Procurement Regulatory Authority, Rules-2014, on Single Stage Two Envelop basis.
2. The Bidding documents carrying all details can be downloaded free of cost from the PPRA's website http://eprocure.gov.pk & e-PADS https://punjab.eprocure.gov.pk
3. Bids will be submitted electronically on e-Punjab Acquisition and Disposal System by 10.06.2026 at 11:00 a.m. which will be opened on same day at 11:30 a.m. through e-PADS.
4. Bidders/contractors shall submit hard copies of the technical bid (in addition to the soft copy submitted with the bid) as bid security of performance guarantee on or before 10.06.2026 at 11:00 a.m. at Purchase Cell, Rawalpindi Teaching Hospital Rawalpindi.
5. Rawalpindi Teaching Hospital Rawalpindi will not be responsible for any cost or expense incurred by Bidders about the preparation or delivery or electronic submission of bids.
6. All assessments and procuring preparatre i.e. receiving. Opening and awarding etc. shall be governed by the Punjab Procurement Rules-2014 & e-Punjab Acquisitions and Disposal System.
7. The Purchaser reserves the right to reject all bids as per Rule 35 of the PPRA Rules 2014.
8. The URL of the website of PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Medical Superintendent
Rawalpindi Teaching Hospital
Rawalpindi

IPL 4885

از دفتر میونسپل کمیٹی فتح جنگ ضلع اٹک
نیلامی ٹھیکہ جات برائے سال 2026-27

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میونسپل کمیٹی فتح جنگ اپنے درج ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 2026-27 از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 بمطابق پروگرام منصب ذیل نیلام عام کرنے کا فیصلہ کیا ہے جسمیں حضرات افرم مقررہ تاریخ بوقت 11:00 بجے دن، بمقام میونسپل کمیٹی فتح جنگ تشریف لا کر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ شرائط حسب ذیل ہیں۔

1۔ ہر بولی دہندہ پر لازم ہو گا کہ اس نے پنجاب کے کسی بھی ضلع میں بطور ٹھیکیدار سال 2026-27 کیلئے رجسٹریشن کروائی ہو۔ رجسٹریشن نہ ہونے کی صورت میں کوئی شخص افرم بولی دینے کا مجاز نہ ہو گی۔ زر ضمانت کے ہمراہ رجسٹریشن کی مصدقہ نقل فراہم کرنا ہو گی۔
2۔ ہر بولی دہندہ پر لازم ہو گا کہ وہ نیلام عام میں حصہ لینے کیلئے آمدن ٹھیکہ کے بالمقابل درج ذیل زر ضمانت نقد یا بصورت کال ڈیپازٹ جمع کروائے چیک قابل قبول نہ ہو گا۔ تمام ٹھیکہ جات کی حتمی منظوری جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب دیں گے۔ میونسپل کمیٹی فتح جنگ یا کسی اور محکمہ کی طرف سے بلیک لسٹ / باقی دار / دیوالیہ کیا گیا شخص / فرم نیلام عام میں حصہ لینے کا اہل نہ ہو گا۔
3۔ بمطابق (Auction of Collection Rights) رولز 2016 ماہوار قسط ہر ماہ کی 05 تاریخ تک پیشگی ادا کرنا ہو گی۔ ورنہ ٹھیکہ خود بخود منسوخ تصور ہو گا۔ اور جمع شدہ زر ضمانت بحق میونسپل کمیٹی ضبط ہو گی۔ اور دوبارہ نیلامی یا محکمانہ وصولی کی صورت میں جو بھی نقصان ہو گا وہ ٹھیکیدار سے بطور مالیہ سرکار وصول کیا جائے گا۔
4۔ ٹھیکیدار چارج لینے سے قبل نیلام کے برابر بینک گارنٹی یا وہ شخص صاحب جائیداد ضامن دے گا اگر ٹھیکیدار کوئی بقایا چھوڑ جائے گا۔ وہ ضامن بینک یا ضامن اشخاص سے وصول کیا جائے گا۔
5۔ سابقہ سال کی کوئی بھی ٹھیکیدار بغیر فراہمی NOC نیلام عام میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔
6۔ ٹھیکیدار گورنمنٹ کی طرف سے جاری کردہ قواعد و ضوابط (Auction of Collection Rights) رولز 2016 اور میونسپل کمیٹی فتح جنگ کے بائی لاز کا پابند ہو گا۔
7۔ مجاز اتھارٹی کسی بھی بولی کو بغیر بتائے منظور یا مسترد کرنے کا حق رکھتی ہے۔
8۔ دیگر شرائط قبل از نیلامی دفتری اوقات کار میں میونسپل کمیٹی آفیسر (فنانس) میونسپل کمیٹی فتح جنگ سے ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔
9۔ نیلام کمیٹی موقع پر حالات کے مطابق کسی شرط میں ترمیم کرنے کی مجاز ہو گی۔ جس کیلئے کسی بولی دہندہ کو اعتراض نہ ہو گا۔
10۔ نیلامی میونسپل کمیٹی فتح جنگ کے منظور شدہ Notifications کے تحت ہو گی اگر بعد از نیلامی قبل از چارج ٹھیکیدار دوران سال 2026-2027 ٹیکسز / فیسز میں اضافہ ہوتا ہے تو زر نیلام میں اسی حساب سے اضافہ ہو گا۔ بولی دہندہ اس پر اعتراض نہ کر سکے گا۔ اور ٹھیکیدار اس اضافے کے ساتھ واجبات ادا کرنے کا پابند ہو گا۔
11۔ نیلام عام میں اگر بولی دہندہ ریزرو پرائز @10%Earnest Money بحوالہ SOR(LG)38.20/2015 مورخہ 25-07-2016 سے زائد بولی دیتا ہے تو زائد رقم پر نیلام کمیٹی کے سامنے Earnest money جمع کروائے گا جو ٹھیکہ کے قابل وصول واجبات Adjust کی جائے گی۔

نمبر شمار	تفصیل ٹھیکہ جات	مخصوص زر نیلام	زر بیعانہ	پہلی تاریخ نیلام	دوسری تاریخ نیلام	تیسری تاریخ نیلام
1	حقوق وصولی آمدن ہائیج فیس فتح جنگ	1,30,20,000-	13,02,000-	23-05-2026	08-06-2026	22-06-2026
2	حقوق وصولی آمدن مذبحہ خانہ فتح جنگ	3,10,000-	31,000-	23-05-2026	08-06-2026	22-05-2026
3	حقوق وصولی فیس آمدن بیت الخلا فتح جنگ	8,80,000-	88,000-	23-05-2026	08-06-2026	22-06-2026

نوٹ:۔ 10% انکم ٹیکس اور 10% واٹر ڈیولپمنٹ چارجز علاوہ مخصوص زر نیلام ہوں گے۔

IPL 4931

المشتہر
چیف آفیسر
میونسپل کمیٹی فتح جنگ

بحکم
ایڈمنسٹریٹر
میونسپل کمیٹی فتح جنگ

بقیہ 1

ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ تائیوان چین کا ناقابلِ تنسیخ حصہ ہے، پاکستان ون چائنا پالیسی کی حمایت کرتا ہے، ہم دنیا میں ایک ہی چین ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ امریکا ایران امن عمل ابھی تک جاری ہے، پاکستان اس میں انگیج اور پرامید ہے۔ اس کے علاوہ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید کہا کہ یو اے ای سے پاکستانیوں کی ڈی پورٹیشن سے متعلق اعداد وشمار مبالغہ آمیز ہیں، خلیجی اور برادر ممالک کے ساتھ دفاعی تعلقات اپنے اندرونی عوامل اور طویل مدتی پالیسی پر مبنی ہی۔ ترجمان نے کہا کہ وزیراعظم کے دورہ روس سے متعلق حتمی اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔

بقیہ 2

ہے۔ تفصیلات کے مطابق یہ دورہ ستمبر 2025 میں وزیراعظم کے دورہ بیجنگ کے دوران منعقدہ 'پاک چین بی ٹو بی انویسٹمنٹ کانفرنس' کے تسلسل میں ہو رہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے چینی وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے پاک چین دوستی کو ہمہ گیر تزویراتی تعاون کی مثال قرار دیا، انہوں نے صدر شی جن پنگ کی قیادت میں چین کی غیر معمولی ترقی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ رواں ماہ کے آخر میں اپنے دورہ چین کے منتظر ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم نے بیجنگ یونائیٹڈ ٹیکنالوجی گروپ کی جانب سے پاکستان میں اپنا 'ڈیجیٹل اکانومی ہیڈکوارٹر' قائم کرنے کے فیصلے کی تعریف کی، انہوں نے کہا کہ یہ ہیڈکوارٹر پاکستان میں ڈیجیٹل معیشت، سرمایہ کاری میں سہولت کاری اور صنعتی تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک کمانڈ سینٹر کے طور پر کام کرے گا، دونوں ممالک کے درمیان بزنس ٹو بزنس تعاون میں اضافہ خوش آئند ہے، جو ملکی معیشت کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔ وفد کے سربراہ مسٹر چیان شیا جن نے پاکستانی معیشت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کا گروپ پاکستان کی معیشت کو ڈیجیٹل بنانے کے لیے ایک مضبوط ڈھانچہ فراہم کرے گا، یہ ڈیجیٹل ہیڈکوارٹر پاکستان کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے چین کی وسیع مارکیٹ تک رسائی کا راستہ بنے گا، جس سے برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ بتایا جارہا ہے کہ اس ملاقات میں وفاقی وزرانے بھی شرکت کی، جن میں وزیرِ سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ، وزیرِ تجارت جام کمال خان، وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ، اور وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک شامل ہیں، وفاقی وزرا کے علاوہ دیگر اعلیٰ حکام بھی ملاقات میں شریک ہوئے، جب کہ معاون خصوصی ہارون اختر اور طارق فاطمی بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ 3

کونسل سیکرٹریوں کے 21ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سرگئی شوئیگو نے کہا کہ افغانستان میں اس وقت 20 سے زائد شدت پسند گروہوں کے ہزاروں سرگرم جنگجو خطے کی سلامتی کیلئے سنگین خطرہ بن چکے ہیں، طالبان داعش خراسان کیخلاف برسرِپیکار ہیں، تاہم اب بھی کئی شدت پسند گروہ طالبان کے مکمل کنٹرول سے باہر ہیں۔ روسی میڈیا کے مطابق شوئیگو نے کہا کہ داعش خراسان کے تقریباً 3 ہزار جنگجو افغانستان میں موجود ہیں، داعش نے سال 2025ء کے دوران 12 بڑے دہشت گرد حملے کئے جن میں 40 فوجی اہلکار اور 25 شہری ہلاک جبکہ 50 سے زائد افراد زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ شام سے ایغور، تاجک اور ازبک جنگجوؤں کی افغانستان آمد میں بھی اضافہ ہور ہا ہے، بعض عناصر ماضی میں حیات تحریر الشام سے وابستہ رہے ہیں جس سے خطے میں سکیورٹی خدشات مزید بڑھ گئے ہیں، طالبان کی سکیورٹی ایجنسیاں افغانستان آنے والے شدت پسند عناصر کی نگرانی کر رہی ہیں، لیکن اس کے باوجود کچھ گروہ اب بھی طالبان کے مکمل کنٹرول سے باہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد افغانستان میں پوست کی کاشت اور افیون کی پیداوار میں تقریباً 90 فیصد کمی آئی ہے، مگر مصنوعی منشیات خصوصاً میتھ ایمفیٹامین کی پیداوار میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، 2025ء کے دوران افغانستان کی سرحدوں پر 30 ٹن سے زائد مصنوعی منشیات پکڑی گئیں۔ سرگئی شوئیگو نے کہا کہ افغانستان میں شدید معاشی بحران کے باعث اب بھی تقریباً 40 لاکھ افراد منشیات سے متعلق فصلوں کی کاشت سے وابستہ ہیں۔

بقیہ 4

قائد نواز شریف کی مشاورت سے مکمل کی جائے گی۔ اس سلسلے میں ذرائع نے بتایا کہ نواز شریف نے بجٹ سے متعلق مشاورتی نشست کے لیے وفاقی وزرا کو جاتی امرا طلب کرلیا ہے اور وفاقی وزیر علی پرویز سمیت متعدد وزرا مشاورت میں شرکت کے لیے جاتی امرا جائیں گے۔ وفاقی وزرا نواز شریف کو 2026-27 کے بننے والے بجٹ کے حوالے بریفنگ دیں گے۔ اجلاس کے دوران بجٹ میں لگنے والے مجوزہ ٹیکسز اور آئی ایم ایف کی صورتحال سے بھی نواز شریف کو آگاہ کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت ملکی معاشی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اہم فیصلے کررہی ہے، جس کے بعد بجٹ کو حتمی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 5

اراالفاظ میں سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام اپنی وزیراعلیٰ پر بلاوجہ فخر نہیں کرتے، بلکہ ان کی کارکردگی اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز اس تعریف اور پذیرائی کی مکمل حقدار ہیں کیونکہ انہوں نے مختصر عرصے میں صوبے کی شکل بدل کر رکھ دی ہے۔ انہوں نے اچھرہ بازار کی نئی اور دلکش صورتحال پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ماشاءاللہ! اچھرہ بازار کی نئی لک دیکھ کر دل کررہا ہے کہ میں خود بھی وہاں کا ایک چکر لگاں۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ صرف لاہور ہی نہیں بلکہ مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر پنجاب کے تمام شہروں میں 'بیوٹیفکیشن پروجیکٹس' پر کام تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے لاہور کے انارکلی بازار، فیصل آباد کے گھنٹہ گھر بازار اور راولپنڈی کے راجہ بازار کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ ان تاریخی مقامات کی خوبصورتی اب دیدنی ہے اور عوام کو عالمی معیار کی سہولیات میسر آرہی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کا مقصد پنجاب کے ہر شہر کو لاہور جیسا خوبصورت، جدید اور سہولیات سے آراستہ بنانا ہے۔ صوبے بھر میں جاری ان منصوبوں سے نہ صرف شہروں کا حسن بحال ہو رہا ہے بلکہ تجارتی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ 6

نگرانی کے نظام کو جدید بنانے کا فیصلہ کرلیا، جس کے تحت مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی مدد سے غیر معمولی دولت اور مشکوک اثاثوں کی نشاندہی کی جائے گی۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محصولات کو بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اور دیگر اعلیٰ حکام نے بتایا کہ ایف بی آر کو ایسے سرکاری ملازمین کی جانچ پڑتال اور تحقیقات کا اختیار دیا جائے گا جن کے اثاثے ان کی جائز آمدن سے زیادہ ہوں۔ حکام کے مطابق اے آئی پر مبنی مانیٹرنگ سسٹم سرکاری افسران کے مالی ریکارڈ اور اثاثوں میں غیر معمولی اضافے پر ریڈ فلیگ الرٹس جاری کرے گا، جس کے بعد ایف بی آر تحقیقات شروع کر سکے گا۔ وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نبیل اعوان نے کمیٹی کو بتایا کہ دسمبر 2026 سے گریڈ 17 سے گریڈ 22 تک کے تمام سرکاری افسران کے اثاثوں اور مالی تفصیلات کو ایک نئے ڈیجیٹل ڈکلیریشن سسٹم کے ذریعے عوامی سطح پر دستیاب کیا جائے گا۔ یہ نظام ایف بی آر کی مشاورت سے تیار کیا جارہا ہے۔ مجوزہ

پالیسی کے تحت افسران کو اپنے اہلِ خانہ کے اثاثوں، بیرونِ ملک دوروں اور دیگر مالی تفصیلات بھی ظاہر کرنا ہوں گی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایف بی آر کے چیئرمین اور ممبران لینڈ ریونیو سمیت اعلیٰ حکام کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ AI کے ذریعے سامنے آنے والے مشکوک مالی معاملات پر فوری تحقیقات کا آغاز کرسکیں۔

بقیہ 7

رپورٹس پیش کرنے میں ناکام رہیں۔ کابینہ، اوورسیز، استحقاق، بحری امور، صحت اور تخفیف غربت سمیت مختلف قائمہ کمیٹیوں نے رپورٹس جمع کرانے کیلئے مدت میں توسیع کی درخواست کی۔ سینیٹ نے 12 قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹس پیش کرنے کی مدت میں 60 روز کی توسیع سے متعلق تحاریک منظور کرلیں۔

بقیہ 8

ہوئے کہا کہ پی ڈی پی کے تحت 190 کلومیٹر نئے نالے بنائے جائیں گے جبکہ 26 کلومیٹر موجودہ نالوں کی مرمت کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران سپیشل سیکرٹری، پروگرام مینجمنٹ یونٹ کے افسران اور اسسٹنٹ پراجیکٹ ڈائریکٹرز نے صوبائی وزیر کو اب تک ہونے والی پیش رفت پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پی ڈی پی کے تحت کل 287 سکشن، جیٹنگ اور ڈی سلٹنگ مشینیں خریدی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہروں میں 3497 کلومیٹر گٹر بھی بنائے جائیں گے یا ان کی مرمت کی جائے گی۔ "پہلی بار، 25 جنرل اور 152 سڑک کے کنارے زیرزمین پانی ذخیرہ کرنے کے ٹینک بیک وقت بنائے جا رہے ہیں۔ ان ٹینکوں میں 55 ملین گیلن پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہوگی"، انہوں نے انکشاف کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر تمام سکیموں میں لائننگ پائپ کا استعمال لازمی قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ 52 شہروں میں میونسپل سکیموں کی نگرانی کر رہا ہے۔ "بدقسمتی سے، زیادہ تر شہروں میں سیوریج کا کوئی نظام ہی نہیں تھا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پہلے مرحلے میں شہروں کو بدترین صورتحال سے دوچار رکھا"۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی پی کا دائرہ کار مرحلہ وار 200 شہروں تک بڑھایا جائے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ماسٹر ٹاؤن پلاننگ کی وجہ سے نہ صرف ترقیاتی سکیموں کی بہتر تکمیل ہو گی بلکہ اربن فلڈنگ کو روکنے میں بھی نمایاں مدد ملے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ میونسپل افسران (انفراسٹرکچر) موثر نگرانی اور جاری سکیموں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 9

ترجیحاً جلد مکمل کرنے کا بھی حکم دیا۔ ہر روڈ پر یکساں طرز اور ڈیزائن کے سائن بورڈ لگانے کا حکم دیتے ہوئے ہدایت کی کہ تنگ بازاروں اور مارکیٹوں میں وال ماؤنٹڈ پلانٹر لگائے جائیں۔ وزیر اعلیٰ نے دکانوں کے شٹر گیٹ پر ایک جیسا کلر یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ٹیکسلا کے مین بازار کو ہیریٹیج سٹریٹ میں تبدیل کردیا جائے گا۔

بقیہ 10

دیے، فہرست میں تحائف دینے والوں کے نام کا خانہ شامل نہیں۔ توشہ خانہ کے ریکارڈ کے مطابق وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ بھی تحائف وصول کرنے والوں کی فہرست کا حصہ ہیں۔

بقیہ 11

مسائل کے فوری حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، آئی جی ایف سی نے عوامی مسائل سنے اور موقع پر ہی حل کرنے کے احکامات جاری کردیئے۔ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام امن و اتحاد اور عوامی تعاون سے وابستہ ہے۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین نے کہا کہ ایف سی بلوچستان کی لازوال قربانیوں کی بدولت آج ڈیرہ بگٹی میں امن قائم ہے، جرگے کے انعقاد سے عوامی مسائل حل ہوں گے، قبائلی عمائدین نے حکومت و سیکیورٹی اداروں کیساتھ مکمل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔

بقیہ 12

پر دوبارہ غور اور تعلیمی قابلیت کی تصدیق کا حکم دے دیا۔ 6 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جسٹس روزی خان نے تحریر کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ آئین کے مطابق ہر شہری کو مکمل آزادی اور محفوظ ماحول میں زندگی گزارنے کا بنیادی حق حاصل ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ صاف اور شفاف ماحول بھی بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہے، جبکہ 26 ویں آئینی ترمیم کے تحت ماحول کے تحفظ کو بطور بنیادی حق تسلیم کیا جاچکا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سندھ ماحولیاتی ایجنسی کے ڈی جی اور ایڈیشنل ڈی جی کا کردار شہریوں کو آلودگی سے محفوظ رکھنے اور ماحولیاتی قوانین کے نفاذ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے ریمارکس دیے کہ کسی غیر تکنیکی شخص کی اس اہم عہدے پر تعیناتی عوامی صحت اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔ عدالت نے حکم دیا کہ ایڈیشنل ڈی جی ماحولیاتی ایجنسی کی تعلیمی قابلیت کی تصدیق ایچ ای سی سے بھی کرائی جائے۔ واضح رہے کہ سندھ حکومت نے اس عہدے کے لیے ایک بیوروکریٹ کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا، جسے پہلے سندھ ہائی کورٹ نے کالعدم قرار دیتے ہوئے تقرری کا دوبارہ جائزہ لینے کا حکم دیا تھا۔ بعد ازاں سندھ حکومت نے ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا، تاہم عدالت نے اپیل مسترد کردی۔

بقیہ 13

جانب سے شہریوں کو آگاہ کیا جارہا ہے کہ قربانی کی آلائشیں گلی محلوں یا کھلے مقامات پر پھینکنے کے بجائے ویسٹ بیگز میں ڈال کر ویسٹ کنٹینرز میں رکھیں یا ادارے کے عملے کے حوالے کریں۔ کھلے عام آلائشیں پھینکنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 50 ہزار روپے تک جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ شہریوں کی سہولت کیلئے ویسٹ بیگز ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے مفت فراہم کیے جا رہے ہیں۔ شکایات کے اندراج اور رہنمائی کیلئے ہیلپ لائن نمبر 1139 چوبیس گھنٹے فعال ہے جبکہ ستھرا پنجاب شہری ایپ اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر بھی شکایات درج کروائی جاسکتی ہیں۔ اسی سلسلے میں ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کی کمیونیکیشن ٹیموں نے ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی اور راولپنڈی وومن یونیورسٹی کے باہر خصوصی آگاہی کیمپ لگائے جہاں شہریوں اور طلبہ میں پمفلٹس اور ویسٹ بیگز تقسیم کیے گئے۔ مزید برآں جمع المبارک کے موقع پر شہر کی جامع مساجد میں نمازیوں میں صفائی سے متعلق آگاہی پمفلٹس تقسیم کیے گئے اور امام صاحبان و خطبا کرام سے اپیل کی گئی کہ وہ اپنے خطبات میں شہریوں کو عیدالاضحیٰ کے دوران صفائی برقرار رکھنے اور ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے ساتھ تعاون کرنے کی تلقین کریں۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی رانا ساجد صفدر نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر کو صاف ستھرا اور آلائشوں سے پاک رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب ایجنسی کا عملہ عید کے دنوں میں شب و روز خدمات انجام دے گا اور شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ آلائشیں مقررہ مقامات پر ڈالیں، صفائی عملے کے ساتھ تعاون کریں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں تاکہ مل کر راولپنڈی کو مکمل زیرو ویسٹ شہر بنایا جاسکے

بقیہ 14

ہوئے کمپیوٹر تعلیم کو لازمی قرار دے دیا گیا، بل کے مطابق سکولوں میں کوڈنگ اور کمپیوٹر سائنس کو بنیادی تعلیم کا حصہ بنایا گیا ہے، بل کا مقصد طلبا کو عالمی جاب مارکیٹ اور جدید ٹیکنالوجی کے دور کیلئے تیار کرنا ہے۔ سینیٹ نے بل کی منظوری دیدی جس کے بعد اب یہ فوری نافذ العمل ہوگا۔

بقیہ 15

پر خاموش ہیں، موقف کے لیے رابطے کی متعدد کوششیں کی گئیں اور پیغامات بھی چھوڑے گئے لیکن جواب نہ دیا گیا۔

بقیہ 16

مطابق کارروائی خفیہ ومصدقہ اطلاعات پر چاندی کی سمگلنگ میں ملوث عناصر کیخلاف کی گئی تھی تاہم اس دوران بعض عناصر نے ہجوم اکٹھا کر کے صورتحال خراب کرنے اور قانونی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی۔ ترجمان کے مطابق ایف آئی اے ٹیم نے انتہائی تحمل اور پیشہ ورانہ انداز میں صورتحال کو کنٹرول کیا، ریکارڈ کے مطابق دکان میں 178 کلو چاندی موجود ہونا ظاہر کیا گیا تھا تاہم موقع پر صرف 15 کلو مقامی برانڈڈ چاندی برآمد ہوئی، 163 کلو چاندی کی سمگل شدہ چاندی کو ہنگامہ آرائی کے دوران غائب کئے جانے کی نشاندہی کرتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ملزمان کے موبائل فونز سے سمگلنگ نیٹ ورک سے متعلق اہم ڈیجیٹل شواہد بھی حاصل ہوئے، ملزمان اور سہولت کاروں کیخلاف سمگلنگ، سرکاری کارروائی میں مداخلت اور ہجوم اکسانے کے الزامات کے تحت انکوائری شروع کردی گئی ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ ایف آئی اے کی کارروائی صرف سمگلرز اور معاشی جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف ہے، کاروباری برادری کیخلاف نہیں، قانونی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے اور ریاستی مفادات کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 17

پیش کرنے کیلئے 2 سے 3 حکومتی و اپوزیشن نمائندوں مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے راجہ ناصر عباس نے کہا کہ کسی کا حق نہ ملنا ظلم کے مترادف ہے، ظالم کے ظلم پر راضی رہنے والا بھی اسی کے زمرے میں آتا ہے، اختیارات کا استعمال اس انداز میں ہونا چاہئے کہ اس سے اخلاقی اور قانونی اصول مجروح نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی کارکنوں کو جیلوں میں بند کرنا ملک کے مفاد میں نہیں، یہ عمل خود اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے، ماضی کی کوئی غلطی آج کے غیر قانونی اقدام کو جواز نہیں دے سکتی۔ انہوں نے کہا کہ جب مذاکرات کی بات کی جاتی ہے تو اسے کمزوری سمجھا جاتا ہے، جو درست نہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا جیل سپرنٹنڈنٹ میں عدالتی احکامات کو نظرانداز کرنے کی جرات ہے، اپوزیشن لیڈر نے تجویز دی کہ دو سے تین ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو بانی پی ٹی آئی اور دیگر سیاسی قیدیوں سے ملاقات کرے اور اپنی رپورٹ ایوان میں پیش کرے، اس کمیٹی میں حکومت اور اپوزیشن دونوں کے نمائندے شامل ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خود کو جوابدہ نہیں سمجھتی، سینیٹ کو ایک رول ماڈل بننا چاہئے جو سیاسی کارکنوں پر مبینہ ظلم کو قبول نہ کرے۔ اس پر پریزائیڈنگ افسر سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا کہ رولنگ دینے کا اختیار چیئرمین کے پاس ہے، اس معاملے پر رولنگ نہیں دے سکتی۔

بقیہ 18

آرٹس کونسل الحمرا محمد نواز گوندل نے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات راجہ جہانگیر انور اور سیکرٹری اطلاعات و ثقافت سید طاہر رضا ہمدانی کا استقبال کیا۔ اس موقع پر، سپرنٹنڈنگ انجینئر مریم راٹھور، چیف انجینئر بلڈنگز پنجاب، ایگزیکٹو انجینئر محکمہ مواصلات و تعمیرات عمیر مقصود اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن الحمرا اعمیر حسن بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران سیکرٹری مواصلات و تعمیرات راجہ جہانگیر انور کو منصوبے سے متعلق میپنگ بورڈز کے ذریعے بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی، جن پر جاری ترقیاتی کاموں، تعمیراتی خاکوں، مختلف مقامات کی منصوبہ بندی اور تعمیراتی پیش رفت کی تفصیلات نمایاں انداز میں آویزاں تھیں۔ وفد نے الحمرا آرٹ گیلری مختلف ہالز، چھتوں کی ازسرنو تعمیر، فرش کی بحالی تعمیراتی تکمیلی مراحل، واٹر پروفنگ اور مجموعی بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے کاموں کا جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے تعمیراتی منصوبے میں اختیار کیے گئے انجینئرنگ معیارات، معیار کی جانچ کے نظام، ساختی استحکام، تعمیراتی سامان کے معیار اور حفاظتی تقاضوں سے آگاہ کیا۔ سیکرٹری مواصلات و تعمیرات راجہ جہانگیر انور اور سیکرٹری اطلاعات و ثقافت سید طاہر رضا ہمدانی نے مختلف مقامات کا دورہ کرتے ہوئے جاری کام کے معیار، رفتار اور تکنیکی شفافیت کا جائزہ لیا اور منصوبے کو حکومتی وژن کے مطابق بروقت اور اعلیٰ تعمیراتی معیار کے ساتھ مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ اعلیٰ حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لاہور آرٹس کونسل الحمرا کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ایک معیاری ثقافتی مرکز بنانے، فنکاروں اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور ادارے کے بنیادی ڈھانچے کو بین الاقوامی معیار کے مطابق استوار کرنے کے لیے جاری ترقیاتی منصوبے ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ چند روز قبل سیکرٹری اطلاعات و ثقافت سید طاہر رضا ہمدانی نے منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور افرادی قوت میں اضافہ کرنے کی ہدایات جاری کی تھیں، جن کی روشنی میں ترقیاتی سرگرمیوں میں نمایاں تیزی لائی گئی ہے۔

بقیہ 19

کرنے اور فوری منظوری کے حوالے سے ایوان میں ووٹنگ کرائی گئی جس میں دونوں جانب 13،13 ووٹ آئے۔ ووٹ برابر ہونے پر پریذائیڈنگ آفیسر شیری رحمٰن نے فیصلہ کن ووٹ بل کے حق میں دیا جس کے بعد ایوان نے پاکستان نرسنگ اینڈ وائفری بل منظور کرلیا۔

بقیہ 20

میں گروپ وارڈنز، ڈپٹی گروپ وارڈنز، پوسٹ وارڈنز اور والنٹیئر ز نے بھرپور شرکت کی جبکہ سول ڈیفنس آفیسر چوہدری غلام مصطفیٰ بھی خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد زاہد اور ریحان الحق نے راجہ عامر اقبال کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں سول ڈیفنس مزید فعال اور منظم انداز میں خدمات انجام دے گی۔ اس موقع پر چیف وارڈن کے اعزاز میں کیک بھی کاٹا گیا جبکہ بہترین خدمات سرانجام دینے والے والنٹیئر زاہد احمد را، سعادت اللہ خٹک، راجہ مخر السلام، محمد قدیر، محمد زین العابدین، سلیم اللہ اور منظور احمد کو اعزازی شیلڈز سے نوازا گیا۔ مزید برآں آن لائن بارکوڈ سسٹم کے ذریعے والنٹیئر کارڈز تیار کرنے کی کاوش پر محمد احتشام شاہ کو خصوصی شیلڈ دی گئی جبکہ تقریب کے کامیاب انعقاد پر فوکل پرسن محمد عثمان مشکور کو بھی اعزاز سے نوازا گیا

بقیہ 21

متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر کی خوبصورتی، گرین بیلٹس کی بحالی، صفائی ستھرائی، شاہراہوں کی تزئین و آرائش، پارکس کی بہتری اور شہری ماحول کو مزید دلکش بنانے کے مختلف منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ بیوٹیفکیشن سکیموں پر تیز رفتاری سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو صاف، خوبصورت اور بہتر ماحول فراہم کیا جاسکے۔ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق راولپنڈی کو خوبصورت، سرسبز اور ماڈل شہر بنانے کے لیے تمام ادارے باہمی تعاون سے اقدامات کریں اور جاری منصوبوں کی مسلسل مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے

بقیہ 22

، سیکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات کے شعبوں میں اشتراک کار بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ صدر ٹرمپ کے دور میں پاک امریکا تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں، پاک امریکا تعلقات باہمی اعتماد اور دوطرفہ تعاون پر مبنی ہیں۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ ریکوڈک منصوبے پر کام کرنے والی امریکی کمپنیوں کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنایا گیا ہے، پاکستان اور امریکا کے درمیان براہ راست پروازوں کا جلد آغاز چاہتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کے تنازع کے دیرپا اور پرامن حل کے لیے پرامید ہیں، امریکی نائب وزیرخارجہ نے خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔

بقیہ 23

پہنچانے پر تباہی مچائی، جس کے نتیجے میں اہم ٹرانسمیشن لائن کے کئی ٹاورز زمین بوس ہوگئے۔ بجلی کی طویل بندش کے باعث پورا علاقہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے اور معمولات زندگی مفلوج ہوکررہ گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق علاقے میں درجہ حرارت 41 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ چکا ہے، جبکہ شدید حبس اور بجلی کی غیر موجودگی نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ پانی کی فراہمی بھی بری طرح متاثر ہوئی ہے، جس کے باعث گھروں میں پینے کے پانی کا بحران پیدا ہوگیا ہے۔ مقامی شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ وفاقی وزیر برائے بجلی و پانی اویس لغاری کے ماتحت ادارے صورتحال کو سنجیدگی سے نہیں لے رہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سیپکو کے جی ایس او شعبے کے انجینئرز، سپرنٹنڈنگ انجینئرز (SE) اور سب ڈویژنل افسران (SDO) مرمتی کاموں میں سستی کا مظاہرہ کررہے ہیں اور عوام کو بروقت آگاہی بھی فراہم نہیں کی جا رہی۔ شہریوں نے مزید کہا کہ ایگزیکٹو انجینئر سیپکو سکھر کی کارکردگی بھی سوالیہ نشان بنی ہوئی ہے، جبکہ ضلعی انتظامیہ، بالخصوص ڈپٹی کمشنر کشمور - کندھکوٹ کی جانب سے تاحال کوئی باضابطہ بیان جاری نہ ہونا تشویشناک ہے۔ متاثرین کے مطابق وہ اس وقت دوہرے عذاب کا شکار ہیں، جہاں ایک طرف شدید گرمی اور حبس ہے تو دوسری جانب بجلی اور پانی کی مکمل بندش نے زندگی اجیرن بنادی ہے۔ اہل علاقہ نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ہنگامی بنیادوں پر مرمتی کام تیز کیے جائیں، ٹرانسمیشن ٹاورز کی بحالی یقینی بناکر فوری طور پر بجلی کی فراہمی بحال کی جائے اور غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 24

سے نمٹنے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ اداروں کو ہدایت جاری کی گئی کہ شہریوں اور بیوپاریوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور مویشی منڈیوں میں نظم و ضبط کو یقینی بنایا جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے دوران شہریوں کی سہولت اور امن و امان کا قیام ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مویشی منڈیوں میں سکیورٹی کے موثر انتظامات، ٹریفک کی روانی اور صفائی کے نظام کو ہر صورت برقرار رکھا جائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے

بقیہ 25

کیسز فائل کیے جا رہے ہیں۔ عدالتی ذرائع کے مطابق 2023 میں 85 ہزار، 2024 میں 91 ہزار جبکہ 2025 میں کیسز کی تعداد ایک لاکھ سے تجاوز کرگئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں روزانہ کی بنیاد پر 30 سے زائد کورٹ میرج بھی ہو رہی ہیں۔ گزشتہ 4 سالوں میں 38 ایسے کیسز سامنے آئے جہاں شادی کے محض ایک سے تین ماہ بعد خلع لے لی گئی۔ ذرائع کے مطابق خلع اور نان نفقہ کے زیادہ تر کیسز پسند کی شادی کرنے والے فریقین کی جانب سے دائر کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 26

شرکت کی، اجلاس میں مون سون سے قبل ضلع چکوال اور تلہ گنگ میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مختلف اداروں کی پیشگی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ گزشتہ برس کے تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے ممکنہ بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے جامع اور موثر لائحہ عمل ترتیب دیا گیا ہے جبکہ ریسکیو 1122، واسا اور دیگر متعلقہ ادارے مکمل طور پر متحرک ہیں، اجلاس میں سابقہ فیصلوں پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا گیا، ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے سیف سٹی منصوبوں اور امن وامان کی صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چکوال میں سیف سٹی پراجیکٹ مکمل طور پر فعال کردیا گیا ہے جبکہ تلہ گنگ میں منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے اور اسے رواں ماہ فعال کردیا جائے گا، جس سے جرائم کی روک تھام میں مزید بہتری آئے گی، اجلاس میں مختلف محکموں کی مجموعی کارکردگی اور عوامی خدمات کی فراہمی کے اشاریوں (KPIs) کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اس دوران ٹریفک قوانین پر عملدرآمد، غیر قانونی پٹرول پمپس اور ایل پی جی ڈیکنٹنگ کیخلاف کارروائیوں، انسداد تجاوزات، مدارس کی رجسٹریشن، پرائس کنٹرول، لیبر رجسٹریشن، غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کے خلاف اقدامات، بیوٹیفکیشن پلان اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت پر بھی تفصیلی غور کیا گیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا کہ عوامی خدمات کے معیار میں بہتری، بروقت نتائج کی فراہمی، شفافیت اور گڈ گورننس کا فروغ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، انہوں نے تمام اداروں کو ہدایت کی کہ بین الادارہ جاتی رابطہ مزید موثر بنایا جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ کرنل عزیز احمد نے کہا کہ عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام کے دوران سکیورٹی، ویجیلنس، لا اینڈ آرڈر اور صفائی آپریشن کے حوالے سے تمام ادارے باہمی کوآرڈینیشن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ شہریوں کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کیا جاسکے، بعد ازاں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات، لیفٹیننٹ کرنل عزیز احمد اور ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے سیف سٹی سنٹر کا دورہ بھی کیا اور وہاں موجود مانیٹرنگ اور سکیورٹی نظام کا معائنہ کیا۔

بقیہ 27

حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ وکیل سلمان صفدر نے بانی پی ٹی آئی و اہلیہ سے ہدایات لینے کیلئے التوا کی درخواست دی، نیب نے سلمان صفدر کی التوا کی درخواست کی مخالفت کی، جمعہ کی ساعت میں دلائل کی بجائے سلمان صفدر نے کمزور وجوہات پر التوا کی درخواست دائر کی، یہ بھی حقیقت ہے کہ مرکزی اپیلیں سلمان صفدر کی جانب سے دائر کی گئی تھیں، کیس کی حساسیت اور اہمیت کی وجہ سے آخری اور حتمی مہلت دی جارہی ہے۔ عدالت نے حکم دیا کہ سلمان صفدر تمام ضروری اقدامات کریں اور 20 مئی کو اپیلوں پر دلائل دیں۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ امید ہے فریقین جان بوجھ کر سماعت سے غیر حاضر نہیں ہوں گے اور نہ ہی غیر ضروری التوا مانگیں گے۔

بقیہ 28

مطابق چارسدہ، نوشہرہ اور پشاور کے مختلف علاقوں کی جیو فینسنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ جائے وقوعہ کے اطراف مشکوک افراد کی پروفائلنگ پر مختلف زاویوں سے کام کیا جارہا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ایک مبینہ ٹارگٹ کلر کے وقوعے کے بعد چارسدہ سے باہر فرار ہونے کی ویڈیو پر بھی تفتیش جاری ہے۔ شبہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ ٹارگٹ کلر صبح 5 بج کر 30 منٹ کے بعد چارسدہ میں داخل ہوا تھا۔ تفتیشی حکام کے مطابق مبینہ ٹارگٹ کلر موٹرسائیکل پر چکنی پہنچا اور وہاں سے سروس روڈ کے ذریعے چارسدہ گیا۔ واردات کے بعد اسے کوہاٹ روڈ کی فوجی میں بھی دیکھا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ پشاور سیف سٹی ٹیم سمیت دیگر تفتیشی یونٹس بھی کیس پر کام کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ 5 مئی کو مولانا شیخ ادریس دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہوئے تھے۔

بقیہ 29

پارک ڈی ایچ اے اسلام آباد کے قریب 3 گاڑیوں سے 625 گرام چرس اور 178 گرام ویڈ برآمد کر کے 5 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ فاروق اعظم چوک کراچی کے قریب رکشے سے 300 گرام آئس برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان نے تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ دیگر کارروائیوں میں اسلام آباد ایئرپورٹ پر بحرین جانیوالے مسافر کے بیگ سے 1.030 کلوگرام آئس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ اسلام آباد ایئرپورٹ پر ایک اور کارروائی کے دوران بحرین جانے والے مسافر کے بیگ سے 1.032 کلو گرام آئس برآمد ہوئی۔ لاہور میں واقع کوریئر آفس میں دبئی جانے والے پارسل میں فوٹو کاپی شدہ کتاب میں جذب 805 گرام کینابن آئڈ برآمد کی گئی۔ جی ٹی روڈ اٹک کے قریب ٹرک سے 7.7 کلوگرام چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ سرگل والبندین کے قریب جھاڑیوں میں چھپائی گئی 35 کلوگرام افیون برآمد کی گئی، جبکہ کارخانو مارکیٹ پشاور میں واقع کوریئر آفس کے 3 پارسلوں میں سولر لائٹس سے 6 کلوگرام آئس برآمد ہوئی۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ 30

عثمان فاروق ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ کراچی میں سرکاری محکموں میں تین ہزار سے زائد اسامیاں خالی ہیں، پڑھے لکھے معذور افراد کو سرکاری ملازمتیں نہیں دی جا رہیں۔ ایڈووکیٹ کا مزید کہنا تھا کہ قانون کے مطابق سرکاری ملازمتوں میں 5 فیصد معذور کوٹہ مختص ہے۔ عدالت معذور کوٹہ پر عملدرآمد کرائے۔ جس پر عدالت نے درخواستگزار کو 3 ماہ میں ملازمت دینے کا فیصلہ سنادیا۔

بقیہ 31

قومی ترقی میں ان کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ مختلف سکولوں کے طلبہ و طالبات نے بھرپور انداز میں شرکت کرتے ہوئے معاشرتی موضوعات پر مبنی خوبصورت اور متاثر کن ٹیبلوز پیش کیے، جنہیں حاضرین نے بے حد سراہا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ضیاء اللہ شاہ پارلیمانی سیکرٹری ایمرجنسی سروسز حکومت پنجاب اور پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و ثقافت حکومت پنجاب شازیہ رضوان نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین کسی بھی معاشرے کی اصل طاقت اور پہچان ہوتی ہیں، اور ایسی مثبت و تخلیقی سرگرمیاں نوجوان نسل میں شعور، اعتماد اور مثبت سوچ کو فروغ دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور خواتین کے احترام کو فروغ دینے کے لیے خصوصی اقدامات کر رہی ہیں، اور یہ پروگرام اسی وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی محمد شکور نے بھی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے طلبہ وطالبات کی شاندار پرفارمنس کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ تھیٹر اور ٹیبلو جیسی سرگرمیاں نوجوان نسل کو مثبت اظہار کا موقع فراہم کرتی ہیں اور معاشرتی شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مقابلے کے ججز میں معروف اداکار و ہدایتکار افضال لطفی، اسلم مغل، اور ارشد مسعود منہاس شامل تھے جنہوں نے مختلف اداروں کی پرفارمنسز کا تفصیلی جائزہ لیا۔ مقابلے میں پہلی پوزیشن گورنمنٹ ایسوی ایٹ کالج برائے خواتین سول لائنز نے حاصل کی اور انہیں 30,000 روپے انعام دیا گیا، جبکہ دوسری پوزیشن گورنمنٹ ایسوی ایٹ کالج برائے خواتین خیابان سرسید راولپنڈی کے نام رہی جنہیں 25,000 روپے دیے گئے۔ تیسری پوزیشن گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف کامرس سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی نے حاصل کی اور انہیں 20,000 روپے انعام دیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر پوزیشن ہولڈرز میں انعامات اور تمام شرکا میں اسناد تقسیم کی گئیں

بقیہ 32

پر اعتماد مضبوط ہوا۔ پاکستان کی معیشت میں استحکام اور مہنگائی میں کمی آئی، زرمبادلہ ذخائر بہتر، برآمدات اور ترسیلات زر میں اضافہ ہوا۔ وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ بانڈ سے حاصل رقم پانی، توانائی اور صحت کے منصوبوں پر خرچ کی جائے گی، پاکستان جنوبی ایشیا کا پہلا ملک بن گیا جس نے پانڈا بانڈ جاری کیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پانڈا بانڈ اجرا پاکستان اور چین کے درمیان مالی روابط مزید مضبوط کرے گا۔

بقیہ 33

جبکہ پولیس حکام نے فرار ٹریلر و ڈرائیور کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 34

زیرصدارت کلایہ ہیڈکوارٹر لوئر اورکزئی میں منعقدہ جرگے میں ڈی پی او شوکت علی، اورکزئی سکاؤٹس، ضلعی انتظامیہ کے افسران اور قبائلی مشران و عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ 35

ہے۔ وہ اسلام آباد کے سیکٹر ای۔11 گولڑہ شریف میں امتیاز گروپ کی 33 ویں برانچ کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔

بقیہ 36

کہ پانچ دن گزر جانے کے باوجود عراقی حکام کی جانب سے میت واپس نہیں کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ تمام قانونی اور کاغذی کارروائیاں مکمل کر لی گئی ہیں اور کراچی میں عراقی سفارتخانے سے بھی رابطہ کیا گیا ہے، تاہم تاحال کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، جس پر وہ شدید پریشان ہیں۔ ورثا کا کہنا ہے کہ گزشتہ پانچ دن سے گھر میں صف ماتم بچھا ہوا ہے جبکہ مرحوم کی والدہ اور اہل خانہ آخری دیدار کے منتظر ہیں۔ متاثرہ خاندان نے روتے ہوئے حکومت سندھ اور عراقی حکومت سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر میت پاکستان منتقل کر کے ورثا کے حوالے کی جائے تاکہ وہ آخری رسومات ادا کرسکیں

بقیہ 37

کی طالبہ انجلینا قیوم (سال اول) نے اپنی شاندار تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسٹیمپ ڈیزائن مقابلے میں ڈسٹرکٹ، ڈویژن اور صوبائی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ طالبہ کی اس نمایاں کامیابی کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کالج میں کیا گیا، جس میں ڈائریکٹر کالجز راولپنڈی ڈویژن امجد اقبال خٹک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے کامیاب طالبہ کو اعزازی شیلڈ اور خصوصی انعام سے نوازا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر کالجز امجد اقبال خٹک نے کہا کہ انجلینا قیوم کی کامیابی محنت، تخلیقی سوچ اور اساتذہ کی بہترین رہنمائی کا عملی ثبوت ہے۔ انہوں نے طالبہ کی کارکردگی کو ادارے اور راولپنڈی ڈویژن کے لیے باعث فخر قرار دیا۔ کالج کی پرنسپل ڈاکٹر عاصمہ ظفر نے کامیاب طالبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی اپنی صلاحیتوں کے ذریعے ادارے اور ملک کا نام روشن کرتی رہے گی۔ اس موقع پر اساتذہ کرام اور طالبات نے بھی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انجلینا قیوم کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی

بقیہ 38

بھاری ملبہ گر گیا، جس کے نتیجے میں وہاں کام کرنے والے مزدور ملبے تلے دب گئے۔ مقامی افراد اور ریسکیو ٹیموں نے فوری طور پر امدادی کارروائیاں شروع کیں اور ملبے تلے دبے افراد کو نکالنے کی کوشش کی۔ حادثے کے نتیجے میں 5 مزدور موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جن میں ابوبکر، امام بخش، دھنی بخش سمیت دیگر شامل ہیں، جبکہ 2 مزدوروں کو تشویشناک حالت میں قریبی اسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق حادثہ حفاظتی اقدامات کی کمی کے باعث پیش آیا، جبکہ مقامی افراد نے الزام عائد کیا ہے کہ تعمیراتی کام کے دوران مناسب حفاظتی انتظامات نہیں کیے گئے تھے، جس کے باعث قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوئیں۔ واقعے کے بعد پورے علاقے میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے، جبکہ متاثرہ خاندانوں میں کہرام برپا ہے۔ اہل علاقہ نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ دوسری جانب ضلعی انتظامیہ کی جانب سے واقعے کا نوٹس لیے جانے کی اطلاعات ہیں، جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 39

آباد میں آندھی وبارش کے باعث دیواریں، چھتیں اور درخت گرنے کے 7 مختلف حادثات کے باع ایک بچہ جاں بحق اور 9 زخمی ہوگیا۔ سلطان چوک میں دیوار گرنے سے جاں بحق ہونے والے بچے کی شناخت 13 سالہ حیدر علی کے نام سے ہوئی۔

بقیہ 40

خلاف کوئی بھی فوجی حل کارگر ثابت نہیں ہوگا، امریکہ خود بھی جانتا ہے کہ جنگ یا دھمکیوں سے کوئی نتیجہ حاصل نہیں کیا جاسکتا، ایران کسی دباؤ کے سامنے جھکنے والا نہیں، ہر قسم کی دھمکیوں کے مقابلے مضبوطی سے کھڑا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران سے عزت واحترام سے بات کی جائے گی تو ایران بھی عزت دے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران سفارت کاری کیلئے تیار ہے مگر اپنی آزادی کیلئے جدوجہد جاری رکھے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر ایران پر حملہ ہوا تو بھرپور اور تباہ کن جواب دیا جائے گا۔

بقیہ 41

اشفاق (تمغہ امتیاز) کی قیادت میں فرنیچر سازوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستان خصوصاً فرنیچر کا شعبہ بے پناہ صنعتی اور تخلیقی صلاحیتوں کا حامل ہے، جو قیمتی زرمبادلہ کمانے کی بھرپور استعداد رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی فرنیچر اپنی معیاری کاریگری، خوبصورت ڈیزائنز اور پائیدار میٹریل کی وجہ سے عالمی سطح پر شناخت حاصل کر رہا ہے۔ سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ اگر فرنیچر انڈسٹری کو جدید ٹیکنالوجی، موثر مارکیٹنگ اور حکومتی پالیسی سپورٹ فراہم کی جائے تو یہ عالمی منڈی میں کامیابی سے مقابلہ کر سکتی ہے۔ انہوں نے صنعتی ترقی اور برآمدات کے فروغ کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مختلف ممالک میں خصوصی میڈ اِن پاکستان نمائشیں منعقد کرنے سے غیر ملکی خریداروں اور سرمایہ کاروں کو پاکستانی فرنیچر، دستکاری اور ہوم ڈیکور مصنوعات سے روشناس کرایا جا سکے گا۔ گورنر پنجاب نے پاکستان فرنیچر کونسل کی جانب سے نمائشوں، تربیتی پروگراموں اور آگاہی مہمات کے ذریعے صنعت کے فروغ کیلئے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے مقامی صنعتکاروں اور برآمدکنندگان کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر میاں کاشف اشفاق (تمغہ امتیاز) نے کہا کہ فرنیچر انڈسٹری قومی معیشت میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے اور ملک بھر میں ہزاروں ہنرمند کاریگروں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے برآمدات بڑھانے اور عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے کیلئے حکومت کی مستقل سرپرستی کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 42

ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی ہے جو لاہور کے تمام تھانوں میں پنکی کا گزشتہ 10 سال کا ریکارڈ چیک کرے گی۔ ذرائع کے مطابق اب تک لاہور میں انمول عرف پنکی کے خلاف 4 مقدمات سامنے آچکے ہیں۔ کوٹ لکھپت، اقبال ٹاؤن، لیاقت آباد اور وحدت کالونی تھانوں میں پنکی کے خلاف نامزد مقدمات درج ہیں، تاہم مقدمات میں نامزد ہونے کے باوجود پنکی کا کسی ایک کیس میں بھی کریمنل ریکارڈ نہیں بنایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کسی ایک مقدمے میں بھی پنکی کا چالان نہیں کیا گیا جبکہ چاروں مقدمات میں اس کی گرفتاری التوا میں رکھی گئی۔ کمیٹی اس بات کی تحقیقات بھی کررہی ہے کہ پنکی کو کیوں گرفتار نہیں کیا گیا، کون سے پولیس افسران پنکی کو بچانے میں ملوث ہیں اور کس افسر نے کتنی رشوت لی۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور سید ذیشان رضا نے کہا ہے کہ فرائض میں غفلت برتنے والے افسران کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنکی کو بچانے میں ملوث افسران کے خلاف کریمنل دفعات کے تحت مقدمات درج کیے جائیں گے۔

بقیہ 43

شفقت کو قتل کیا تھا، پولیس کو چند روز قبل شفقت کی تشدد زدہ لاش نہر سے ملی تھی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے بعد تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 44

جبکہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے 75 طلبہ کو گولڈ میڈلز سے نوازا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر برائے اعلیٰ تعلیم مینا خان آفریدی مہمانِ خصوصی تھے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اس پروقار تقریب میں اراکین صوبائی اسمبلی خورشید خٹک، محمد سجاد بارکوال، اساتذہ، والدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ کانووکیشن کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر خلیلی نے کی۔ ڈاکٹر خلیلی نے کہا کہ یونیورسٹی مختصر مدت میں تعلیمی میدان میں نمایاں مقام حاصل کر رہی ہے اور ادارے کو ملک کی ممتاز جامعات میں شامل کرنے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ تقریب میں بی ایس کے 196، بی اے، بی ایس سی اور بی ایڈ کے 8، ایم ایس کے 2، ایم فل کے 28 اور ماسٹرز کے 19 طلبہ کو ڈگریاں عطا کی گئیں۔ وزیر تعلیم مینا خان نے آفریدی اپنے خطاب میں کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم اور تحقیق کے مواقع فراہم کرنے پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ حکومت جلد فریش گریجویٹس کیلئے پیڈ انٹرن شپ پروگرام شروع کرے گی جبکہ آئندہ بجٹ میں اعلیٰ تعلیم کیلئے فنڈز میں اضافہ بھی کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے یونیورسٹی میں 11 کے وی اے فیڈر کی انرجائزیشن، ایڈمنسٹریشن بلاک کی سولرائزیشن اور جدید نیورو فیڈ بیک کلینک سمیت تین ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح بھی کیا۔ یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق نیورو فیڈ بیک کلینک پاکستان کی کسی یونیورسٹی میں اپنی نوعیت کی پہلی سہولت ہے۔ تقریب کے اختتام پر طلبہ نے ملک وقوم کی ترقی کیلئے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 45

ممالک کے لیے بھی فائدہ مند ہے، ہمیں جلداز جلد مذاکرات اور رابطے کے چینلز دوبارہ کھولنے چاہئیں، ایک جامع اور دیرپا جنگ بندی جلد از جلد ہونی چاہیے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے مزید بتایا گیا کہ صدر ٹرمپ اور صدر شی جن پنگ کے درمیان متعدد معاملات پر اتفاق رائے ہوا ہے، ایران جنگ کو شروع ہونا ہی نہیں چاہئے تھا، جنگ جاری رکھنے کا کوئی جواز نہیں، چین نے ہمیشہ مکالمے اور مذاکراتی عمل کی حمایت کی ہے۔ بیجنگ حکومت کی جانب سے یہ بھی کہا گیا کہ ایران مسئلہ کا فوجی حل آگے بڑھنے کا راستہ نہیں ہوسکتا، بحری راستوں کو جلد سے جلد کھولا جانا چاہئے، عالمی برادری کے بحری راستوں کو کھولنے کے مطالبے کا جواب دیا جائے۔ یادر ہے کہ امریکی صدر ٹرمپ اور چینی صدر شی جن پنگ کی دوبارہ ملاقات ژونگ نان ہائی میں جاری ہے جو چینی قیادت کے لیے ایک انتہائی محفوظ کمپلیکس سمجھا جاتا ہے۔ وائٹ ہاؤس کے ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق یہاں صرف محدود تعداد میں صحافیوں کو اس کمپلیکس میں داخلے کی اجازت دی گئی، رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ صدارتی قافلے کی آمد کے لیے سڑکیں خالی کردی گئی تھیں اور راہگیر اس منظر کو اپنے موبائل فونز پر ریکارڈ بھی کرتے رہے۔

بقیہ 46

تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی گئی کہ پروٹیکٹڈ صارفین کے سوا بجلی وگیس صارفین کے نرخوں میں اضافہ کیا جائے گا۔

بقیہ 47

بجگور ٹیچنگ ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے میں جاں بحق اور زخمی افراد مقامی ہیں، وقوعے کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 48

بعد قتل میں ملوث ملزمان کو سمندری کے نواحی گاؤں میں آلہ قتل برآمدگی کیلئے جایا جارہا تھا کہ راستے میں ساتھیوں نے چھڑانے کیلئے فائرنگ کردی اس دوران دونوں ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق نعشوں کو ہسپتال منتقل کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 49

حکام کے مطابق رہا کیے گئے روسی فوجی اس وقت بیلاروس میں موجود ہیں، جہاں انہیں طبی اور نفسیاتی معاونت فراہم کی جارہی ہے، تمام روسی فوجیوں کو علاج اور بحالی کیلئے روسی وزارت دفاع کے طبی مراکز منتقل کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دونوں ممالک نے 205،205 جنگی قیدی ایک دوسرے کے حوالے کیے ہیں۔

بقیہ 50

ملک، سیکرٹری قانون وانصاف راجہ نعیم اکبر اور دیگر اعلیٰ حکام نے معزز وفد کا پرتپاک استقبال کیا، جو دونوں ممالک کے درمیان قانونی روابط کی مضبوطی کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 51

کالج پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل کو پیش کردہ کارکردگی رپورٹ کے مطابق، ہسپتال نے جنوری سے اپریل تک ایمرجنسی اور آؤٹ ڈور دونوں شعبوں میں مریضوں کی بڑی تعداد کا علاج کیا۔ اعداد و شمار کے مطابق شعبہ ایمرجنسی میں 365,091 مریضوں کو مفت ادویات، تشخیصی ٹیسٹ، سی ٹی سکین اور آپریشنز فراہم کیے گئے جبکہ اس دوران مختلف کیٹیگریز کی 35396 کامیاب سرجریز کی گئیں

بقیہ 52

پورے نہیں ہو سکے۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا حکومتوں کے زیر انتظام منصوبوں کی پیشرفت پر باضابطہ عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ اب مزید تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی کیونکہ یہ سست روی کئی اہم منصوبوں کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہے۔

بقیہ 53

پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کا مقصد بحری تعلیم تک رسائی کو وسعت دینا اور اس شعبے میں افرادی قوت کی ترقی کو فروغ دینا تھا۔ وفاقی وزیر نے مجوزہ فنڈ کو ایک ''خود کفیل مالیاتی نظام'' قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کے ذریعے اسکالرشپس کی فراہمی اور بحری شعبے میں استعداد کار میں اضافہ ممکن بنایا جائے گا

بقیہ 54

کی بنیاد پر تیار کردہ تخمینوں کے مطابق سرمایہ کاری کا جی ڈی پی میں تناسب 14.4 فیصد رہا جو گزشتہ مالی سال کے برابر ہے تاہم سرکاری ہدف 14.7 فیصد سے کم رہا۔ پیداواری شعبوں میں سرمایہ کاری نہ بڑھنے کے باعث معیشت میں مطلوبہ بہتری نہیں آسکی، حالانکہ حکومت غیر قرضہ جاتی غیر ملکی سرمایہ کاری لانے کے لیے متعدد اقدامات کررہی ہے

بقیہ 55

ملاقات کروائیں گے؟ انہوں نے سوال کیا کہ بانیٔ پی ٹی آئی کو ان کی مرضی کیا سپتال کب منتقل کریں گے؟ بیرسٹر گوہر نے محمود خان اچکزئی کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ہم 15 دفعہ سپریم کورٹ، 24 دفعہ ہائی کورٹ گئے، ہمیں ریلیف نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی ملاقات کے لیے نہیں جا سکتا کہ یہ جان سکے کہ اب بانی کی حالت کیسی ہے

بقیہ 56

یہ بات علاقہ دورڑی میں منعقدہ ایک اہم گرینڈ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں کمانڈنٹ ٹل سکاؤٹس بریگیڈیئر عالمگیر یوسفزئی، ڈپٹی کمشنر ہنگو گوہر زمان وزیر اور ڈی پی او ہنگو طارق حبیب خان سمیت قبائلی عمائدین اور مشران نے شرکت کی۔

بقیہ 57

ارب روپے کی لاگت سے مکمل کیا جائے گا جسے علاقے میں کھیلوں کی جدید سہولیات کی فراہمی اور نوجوانوں کیلئے مواقع بڑھانے کی جانب ایک اہم ہے۔ یہ اہم منصوبہ تحریک انصاف کی مقامی قیادت، رُکن صوبائی اسمبلی و ڈیڈک چیئرمین خورشید خٹک اور پارلیمانی لیڈر وایم این اے شاہد خٹک کی کاوشوں کا نتیجہ بتایا جا رہا ہے۔ حکومتی و مقامی نمائندوں کے مطابق اس منصوبے سے نہ صرف کھیلوں کے فروغ میں مدد ملے گی بلکہ علاقے کی مجموعی ترقی پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ ادھر پشاو نو غنڈی روڈ پر جاری تعمیراتی کام بھی تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، جسے عوامی فلاح وترقی کے سلسلے کی ایک کڑی قرار دیا جا رہا ہے۔ مقامی حلقوں کے مطابق یہ اقدامات علاقے میں ترقیاتی سرگرمیوں کے نئے دور کا آغاز ہیں جبکہ حکام کا کہنا ہے کہ عوام سے کئے گئے وعدوں کو عملی شکل دی جارہی ہے اور ترقیاتی عمل تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔

بقیہ 58

اقدامات کرنے کا وعدہ کیا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے صحافیوں کو بتایا کہ ستھرا پنجاب کی شکل میں صفائی کا منظم نیٹ ورک دن بدن مضبوط ہورہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "اس میں کوئی شک نہیں کہ پہلی بار پنجاب حکومت ستھرا پنجاب کے ذریعے دور دراز علاقوں تک پہنچی ہے"۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر ستھرا پنجاب کو خودکفیل بنایا جارہا ہے۔ "شہریوں کے تعاون کے بغیر صفائی کے اہداف کا حصول ممکن نہیں، انشاء اللہ اس عید پر پہلے دو سالوں سے بہتر انتظامات کیے جائیں گے"۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ گزشتہ عیدالاضحیٰ پر میڈیا کا کردار بہت مثبت تھا۔ انہوں نے عہد کیا کہ "اس بار بھی عید کی صفائی کے آپریشنز کے بارے میں میڈیا کو آگاہ رکھا جائے گا"۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز عیدالاضحیٰ پر کیے جانے والے اقدامات سے مسلسل آگاہ ہیں۔ "شہریوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ کوڑا کرکٹ کو مخصوص مقامات پر پھینکیں اور صفائی کے آپریشنز کی کامیابی میں ہمارا ساتھ دیں۔" "ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان میں ویسٹ ٹو ویلیو ایک نیا تجربہ ہے۔ انہوں نے عزم کیا کہ اس پروگرام کو آگے بڑھاتے ہوئے یہاں غیر ملکی ٹیکنالوجی لائی جائے گی۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ کمپنی سے اتھارٹی ماڈل میں تبدیلی سوتھرا پنجاب کے استحکام کا باعث بن رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ " پنجاب اور لاہور لاہور ڈویلپمنٹ، ماڈل ولیج کے تمام ٹھیکے ای ٹینڈرنگ کے ذریعے دیے گئے"۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی حکومت کی شفاف طرز حکمرانی کی پالیسی ہر شعبے میں نافذ ہے۔ صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری نے کہا کہ سوتھرا پنجاب پروگرام بلاشبہ دیگر صوبوں کے لیے ایک ماڈل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے عام آدمی کی بہتری کے لیے اچھے منصوبے شروع کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ پریس کلب کے مسائل کے حل میں دلچسپی لینے پر وزیر بلدیات کے مشکور ہیں۔ اس موقع پر وزیر بلدیات نے افضل طالب کی والدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی بھی کی۔

بقیہ 59

آپریشن اغوابرائے تاوان، بھتہ خوری، مسلح گروہوں اور دیگر سنگین جرائم کے خلاف سندھ حکومت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کا عملی اظہار ہے، جبکہ اس کا مقصد کچے کے حساس علاقوں میں ریاستی رٹ کو مزید مضبوط بنانا بھی ہے۔ ترجمان سندھ حکومت کے مطابق یکم جنوری 2026 سے مئی 2026 تک سندھ پولیس نے سکھر، خیرپور، گھوٹکی، شکارپور، کشمور اور جیکب آباد کے کچے کے علاقوں میں مجموعی طور پر 133 پولیس مقابلے کیے۔ ان کارروائیوں کے دوران 41 ڈاکو ہلاک، 255 جرائم پیشہ عناصر زخمی یا گرفتار جبکہ 322 ڈاکوؤں نے ہتھیار ڈالے۔ اس عرصے میں 20 مغوی بازیاب کرائے گئے اور 157 ہتھیار بھی برآمد کیے گئے۔ سکھد یو ہیمنانی نے کہا کہ یہ اعداد وشمار اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ سندھ حکومت کچے کے علاقوں میں منظم جرائم کے خاتمے کے لیے مستقل اور بھرپور حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سال 2025 کے دوران سندھ پولیس نے کچے کے علاقوں میں 760 پولیس مقابلے کیے، جن میں 120 ڈاکو مارے گئے، 527 ملزمان گرفتار ہوئے، 99 مغوی بازیاب کرائے گئے جبکہ 1,912 ہتھیار برآمد کیے گئے۔ ترجمان سندھ حکومت سکھد یو ہمنانی نے کہا کہ سیکیورٹی آپریشنز کے ساتھ ساتھ متاثرہ علاقوں میں بحالی، ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے تاکہ پائیدار امن اور استحکام کو یقینی بنایا جا سکے۔ سکھد یو ہیمنانی نے کہا،" سندھ حکومت کچے کے علاقوں میں ٹارگٹڈ سیکیورٹی آپریشنز کے ساتھ بحالی، انفراسٹرکچر کی بہتری اور عوامی سہولیات کی فراہمی پر بھی کام کر رہی ہے تاکہ مقامی آبادی کو محفوظ ماحول اور معمولات زندگی کی بحالی ممکن بنائی جاسکے۔" انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں سندھ حکومت کچے کے علاقوں میں امن وامان کے قیام، بحالی اور ترقیاتی عمل کو ہر ممکن طریقے سے جاری رکھے گی۔

بقیہ 60

اہتمام اولڈ راویان یونین کے بینر تلے کیا گیا تھا جس میں اولڈ راویان یونین الیون اور وائس چانسلر الیون کی ٹیمیں شامل تھیں۔ دلچسپ اور دوستانہ مقابلے کے بعد میچ 2-2 سے برابری پر ختم ہوا۔ کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور شاندار پرفارمنس سے شائقین کو محظوظ کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر جی سی یو پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر چوہدری، صدر اولڈ راوین یونین اطہر اسماعیل، سابق اولمپیئنز، اولڈ راوینز، فیکلٹی ممبران، طلباء اور کھیلوں کی شخصیات نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کھلاڑیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وائس چانسلر کا خود ہاکی میچ میں شرکت دیکھنا حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کھیلوں کے فروغ کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے اور نوجوانوں کی ترقی کے لیے صوبے بھر میں ایک ہزار نئے سپورٹس گراؤنڈز کے قیام کے لیے عملی کام جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، برداشت اور ٹیم ورک کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کے میدان میں امیر اور غریب کی تمیز ختم ہو جاتی ہے اور تمام کھلاڑی برابر ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر جی سی یو پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر چوہدری نے اولڈ راویان یونین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ''مارکہ حق'' کی پہلی سالگرہ کے موقع پر اس طرح کے یادگار میچ کے انعقاد نے پورے راویان خاندان کو دوبارہ ملنے، یادیں تازہ کرنے اور ایک ساتھ جشن منانے کا بہترین موقع فراہم کیا۔ اولڈ راویان یونین کے صدر اطہر اسماعیل نے تقریب میں شرکت کرنے والے تمام سابق اولمپیئنز اور اولڈ راوینز کا خیر مقدم کیا اور یونیورسٹی میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 61

بڑھانے کی اپیل کردی۔

بقیہ 62

پروگرام کا حصہ بنایا گیا ہے، خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کیلئے کاروباری قرض کی سہولت متعارف کرائی گئی۔

بقیہ 63

وہ دوبارہ وفاق کو منتقل ہور ہے ہیں؟ پی ٹی آئی کے سامنے ابھی کوئی ڈرافٹ نہیں رکھا گیا، بجٹ آ رہا ہے، اس میں عوام کو ریلیف دیا جائے، مہنگائی کم کی جائے۔

بقیہ 64

فلیٹ میں داخل ہو کر تلاشی لی اور باتھ روم میں تھیلیوں میں پیک کوکین ملی، جس کا وزن 228 گرام تھا۔ موقع سے 7 خالی ڈبیا بھی برآمد کی گئی ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق ملزمہ نے تفتیش کے دوران منشیات کی موجودگی کا اہم انکشاف کیا تھا۔

بقیہ 65

کہ اپوزیشن اراکین بار بار ملاقات کی اجازت دینے کا مطالبہ کرتے ہیں، قانون میں اجازت نہیں کہ ان ملاقاتوں کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ کامیاب ہو جائیں تو وہ انقلاب کہلاتا ہے اور اگر ناکام ہوں تو غداری کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو وفاق پر حملے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

☆☆☆

معذور کوٹہ بھرتی نہ کرنے کیخلاف درخواست ملازمت دینے کا حکم

عدالت نے فیصلہ سنا دیا' سرکاری ملازمتوں میں 5 فیصد معذور کوٹہ مختص ہے' عثمان فاروق ایڈووکیٹ

سرکاری محکموں میں تین ہزار سے زائد آسامیاں خالی ہیں، پڑھے لکھے معذور افراد کو سرکاری ملازمتیں نہیں دی جا رہیں

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ میں معذور کوٹہ پر بھرتی نہ کرنے کیخلاف آئی ٹی بیچ نے درخواست کی ساعت کی جس میں عدالت نے درخواستگزار کو 3 ماہ میں ملازمت دینے کا حکم دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق عدالت نے ہدایت دی کہ 5 فیصد معذور کوٹہ پر قانون کے مطابق درخواستگزار کو بھرتی کیا جائے۔ (بقیہ نمبر 30)

70 لاکھ مالیت کی منشیات برآمد، 10 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج، تحقیقات شروع

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے ملک بھر میں 8 کارروائیوں کے دوران 70 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 52.67 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 10 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق تعلیمی اداروں میں کارروائیوں کے دوران سنٹرل (بقیہ نمبر 29)

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات پنجاب شازیہ رضوان کا ''ہم مائیں' ہم بہنیں' ہم بیٹیاں' کے عنوان سے ٹیبلو کے پوزیشن ہولڈرز کے ہمراہ گروپ فوٹو

پنجاب آرٹس کونسل کے زیر اہتمام شاندار ٹیبلو مقابلے

مریم نواز خواتین کے احترام کو فروغ دینے کے لیے خصوصی اقدامات کر رہی ہیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پنجاب اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی ویژن کے تحت پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کے زیر اہتمام ہم مائیں، ہم بہنیں، ہم بیٹیاں قوموں کی عزت ہم سے ہے کے عنوان سے ایک شاندار ٹیبلو مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام کا مقصد خواتین کے معاشرتی کردار، عزت و وقار اور (بقیہ نمبر 31)

7.2 ارب چینی یوآن کا پانڈا بانڈ پروگرام قائم کرلیا

بانڈ سے حاصل رقم پانی، توانائی اور صحت کے منصوبوں پر خرچ کی جائے گی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے مطابق پاکستان نے 7.2 ارب چینی یوآن کا پانڈا بانڈ پروگرام قائم کرلیا، ابتدائی مرحلے میں 1.75 ارب چینی یوآن کے بانڈ جاری کیے گئے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ چین نے پانڈا بانڈ اجراء میں بھرپور تعاون کیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام پر عملدرآمد سے معیشت (بقیہ نمبر 32)



وزیر بلدیات ذیشان رفیق لاہور پریس کلب صدر ارشد انصاری اور سیکرٹری افضال طالب سے ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی: ڈپٹی کمشنر وقار حسن شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملکی سرمایہ کاری کیلئے اقدامات کر رہے ہیں' یوسف گیلانی

امتیاز گروپ ملک میں جدید اور منظم تجارتی نظام کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے تاجروں، سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کے ساتھ مل کر مؤثر اقدامات کر رہی ہے، جبکہ سیاسی و عسکری قیادت قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر قیام امن کیلئے ذمہ دارانہ اور فعال کردار ادا کر رہی (بقیہ نمبر 35)

بغداد' وفات پانیوالے نوجوان کی میت نہ ملنے پر احتجاج

عراقی سفارتخانے سے بھی رابطہ کیا' تاہم تاحال کوئی پیش رفت نہیں ہوئی' ورثاء

کنڈھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کنڈھکوٹ کے علاقے خوشپور میں بغداد (عراق) میں پانچ روز قبل انتقال کرنے والے 35 سالہ محمد صدیق ملک کی میت واپس نہ ملنے پر ورثا نے احتجاج کیا۔ احتجاج کی قیادت مرحوم کی والدہ مسمات ارباب خاتون، گلبہار ملک، مقصود ملک اور عبید اللہ ملک نے کی۔ اس موقع پر متاثرہ خاندان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 36)

پاک چین دوستی یادگاری ڈائمنڈ جوبلی مقابلہ جات

ڈائریکٹر کالجز راولپنڈی امجد اقبال خٹک بطور مہمان خصوصی شریک نجلینا کی پہلی پوزیشن

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) حکومت پاکستان کی جانب سے سال 2026 کو پاک چین دوستی کے یادگاری سال کے طور پر منایا جا رہا ہے، جس کے تحت سٹیمپ اور کوائن ڈیزائن کے مقابلہ جات ڈسٹرکٹ، ڈویژن اور صوبائی سطح پر منعقد کیے گئے۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ خدیجہ عمر ایسوسی ایٹ کالج فیز بھاٹہ راولپنڈی کے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ کالج (بقیہ نمبر 37)

کراچی، ٹریلر کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق، ملزم فرار

کراچی (این این آئی) کراچی ڈیفنس فیز 2 میں لائبریری کے قریب ٹریلر کی ٹکر سے 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو حکام موقع پر پہنچے اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا (بقیہ نمبر 33)

اورکزئی میں امن جرگہ اور مون سون شجرکاری مہم کا آغاز

اورکزئی (سی ایم لنکس) ضلع اورکزئی میں ضلعی انتظامیہ نے امن و امان کے استحکام اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے اہم اقدامات کا آغاز کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد عرفان الدین کی (بقیہ نمبر 34)

کندھ کوٹ' زیر تعمیر پل پر حادثہ' 5 مزدور جاں بحق' 2 زخمی

جاں بحق ہونیوالے مزدوروں میں ابوبکر، امام بخش، دھنی بخش سمیت دیگر شامل ہیں

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ کرمپور کے قریب گاؤں میر نصر اللہ خان بجارانی میں زیر تعمیر پل کے دوران پیش آنے والے افسوسناک حادثے میں 5 مزدور جاں بحق جبکہ 2 شدید زخمی ہو گئے، جس کے بعد علاقے میں کہرام مچ گیا اور فضا سوگوار ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق آبو نصیر شاخ پر جاری پل کی تعمیر کے دوران اچانک مٹی کا تودہ اور (بقیہ نمبر 38)

بورے والا، شہری کے قتل میں ملوث جعلی پیر، بیٹا گرفتار

بورے والا (این این آئی) بورے والا پولیس نے ساہو کا میں شہری کے قتل میں ملوث جعلی پیر اور بیٹا گرفتار کر لیا۔ ڈی ایس پی بورے والا کے مطابق وقوعہ کے روز ملزمان نے 5 لاکھ 60 ہزار روپے لینے کے بعد ایک شہری (بقیہ نمبر 43)

خوشحال خان خٹک یونیورسٹی کرک کا پہلا کانووکیشن، 253 طلبہ میں ڈگریاں تقسیم

کرک (سی ایم لنکس) خوشحال خان خٹک یونیورسٹی کرک کے پہلے کانووکیشن میں 253 طلبہ و طالبات کو ڈگریاں (بقیہ نمبر 44)

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بارش اور آندھی سے چھتیں، مکان و درخت گرنے سے 3 افراد جاں بحق اور 24 زخمی ہو گئے۔ ترجمان ریسکیو پنجاب فاروق احمد کے مطابق ڈی جی خان میں 2 مختلف واقعات کے دوران آسمانی بجلی گرنے سے 3 افراد زخمی ہوئے۔ فیصل (بقیہ نمبر 39)

بارش، آندھی، گھر کی چھتیں درخت گرنے سے 3 افراد جاں بحق

فیصل آباد، جھنگ، مظفر گڑھ اور لاہور میں پیش آنیوالے مختلف حادثات کے دوران 24 افراد زخمی بھی ہوئے

فیصل آباد میں دیواریں، چھتیں اور درخت گرنے کے 7 مختلف حادثات کے باعث ایک بچہ جاں بحق اور 9 زخمی ہو گیا

ایران کا امریکہ کو عزت دینے وعزت لینے کا پیغام

کسی کے سامنے جھکنے والے نہیں، حملہ ہوا تو تباہ کن جواب دیا جائے گا، عباس عراقچی

تہران (این این آئی) ایران نے امریکہ کو عزت دینے اور عزت لینے کا پیغام دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ تہران کیخلاف فوجی راستہ مکمل ناکام ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کے (بقیہ نمبر 40)

نمائشوں کے انعقاد سے برآمدات میں اضافہ ممکن

پاکستان خصوصاً فرنیچر کا شعبہ بے پناہ صنعتی اور تخلیقی صلاحیتوں کا حامل ہے' گورنر

لاہور (سی ایم لنکس) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ دنیا کے مختلف خطوں میں سنگل کنٹری میڈ ان پاکستان نمائشوں کے انعقاد سے پاکستانی مصنوعات کو عالمی منڈیوں میں متعارف کرانے اور برآمدات بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بات جمعہ کو یہاں پاکستان فرنیچر کونسل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر میاں کاشف (بقیہ نمبر 41)

پنکی کو مقدمات میں کتنا ریلیف ملا؟ تفتیش کا دائرہ وسیع

چاروں مقدمات میں اس کی گرفتاری التوا میں رکھی گئی، ذرائع کا انکشاف

لاہور (این این آئی) کوکین کوئین انمول عرف پنکی کو مقدمات میں کتنا ریلیف ملا؟ کون افسر اسے بچانے میں ملوث رہا، اس حوالے سے تفتیش کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا ہے۔ منشیات اسمگلر انمول عرف پنکی کے خلاف انویسٹی گیشن پولیس نے تفتیش کا دائرہ کار وسیع کر دیا ہے۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور سید ذیشان رضا نے ایس پی آر او کی سربراہی میں (بقیہ نمبر 42)

حکومت IMF کو بجلی و گیس نرخ بڑھانے کی یقین دہانی

پیٹرول، بجلی و گیس ٹیرف میں باقاعدہ ردوبدل کے ذریعے لاگت کی مکمل وصولی جاری' ٹارگٹڈ سبسڈی جاری رکھی جائیگی

حکومت کی وفد کو 2026ء تک بجلی گردشی قرض 300 ارب روپے تک محدود رکھنے، 2032ء تک صفر کرنے کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے آئی ایم ایف کو بجلی و گیس قیمتیں بڑھانے کی یقین دہانی کرا دی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف اور حکومت کے درمیان بجٹ مذاکرات جاری ہیں۔ حکومت کی جانب سے آئی ایم ایف کو توانائی شعبے میں اصلاحات، گردشی قرضے میں کمی اور آئندہ مالی اہداف پر (بقیہ نمبر 46)

ایران کیخلاف جنگ بلاجواز' بحری راستے کھلنے چاہئیں

ہمیں جلد از جلد مذاکرات اور رابطے کے چینلز دوبارہ کھولنے چاہئیں

بیجنگ (این این آئی) چین کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ شروع نہیں ہونی چاہئے تھی، جنگ کا کوئی جواز نہیں، بحری راستے جلد کھلنے چاہئیں۔ چینی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران تنازع کا حل نکالنا امریکہ اور ایران کے ساتھ ساتھ خطے کے (بقیہ نمبر 45)

پنجگور، گاڑی پر فائرنگ، 3 افراد جاں بحق، 5 زخمی

پنجگور (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے گوارگو میں گاڑی پر فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق، 5 زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس و ریسکیو حکام موقع پر پہنچے اور نعشوں و زخمیوں کو (بقیہ نمبر 47)

فیصل آباد، پولیس مقابلہ، 2 ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں پولیس مقابلے کے دوران 2 ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق بچے کو زیادتی کے (بقیہ نمبر 48)

روس و یوکرائن نے 410 جنگی قیدی ایک دوسرے کے حوالے کر دیے

ماسکو (این این آئی) روس و یوکرائن نے 410 جنگی قیدی ایک دوسرے کے حوالے کر دیا۔ روسی وزارت دفاع نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں بتایا ہے کہ روسی فوجیوں کی واپسی میں متحدہ عرب امارات نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر اہم کردار ادا کیا ہے۔ (بقیہ نمبر 49)

آذربائیجان' وزیر انصاف کا وزارت قانون کا دورہ

وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ کو تاریخی "میڈل فار جسٹس" سے نوازا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) آذربائیجان کے اعلیٰ سطح کے وفد نے اپنے دورہ پاکستان کے دوسرے روز وزیر انصاف فرید احمدوف کی سربراہی میں وزارت قانون و انصاف کا دورہ کیا۔ اس اہم ملاقات کی مشترکہ صدارت وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ اور آذربائیجان کے وزیر انصاف نے کی۔ وزارت آمد پر وزیر مملکت بیرسٹر عقیل (بقیہ نمبر 50)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا وژن ''صحت سب کے لیے''

LGH چار مہینوں میں 365,000 مریضوں کو مفت خدمات فراہم کرتا ہے

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "سب کے لیے صحت" کے وژن کے مطابق، لاہور جنرل ہسپتال (LGH) نے رواں سال کے پہلے چار ماہ کے دوران 754,350 مریضوں کو اعلیٰ معیار اور جدید طبی سہولیات فراہم کی ہیں۔ ایم ایس ایل جی ایچ پروفیسر ڈاکٹر فرہاد حسین کی طرف سے پرنسپل امیر الدین میڈیکل (بقیہ نمبر 51)

سرمایہ کاری اور بچت کے اہداف پھر حاصل نہ ہو سکے

پیداواری شعبوں میں سرمایہ کاری نہ بڑھنے کے باعث معیشت میں مطلوبہ بہتری نہیں آسکی' ذرائع کی رپورٹ

جی ڈی پی میں تناسب 14.4 فیصد رہا جو گزشتہ مالی سال کے برابر ہے تاہم سرکاری ہدف 14.7 فیصد سے کم رہا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت رواں مالی سال کے دوران سرمایہ کاری اور بچت کے 2 اہم معاشی اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہی کیونکہ حکومتی کوششوں کے باوجود سرمایہ کاری کی شرح جمود کا شکار رہی جبکہ قومی بچت مزید کم ہو گئی۔ منصوبہ بندی وزارت کی جانب سے قومی اکاؤنٹس کے عبوری اعداد و شمار (بقیہ نمبر 54)

حکومت بتائے عمران سے کب ملاقات کروائے گی؟

ہم 15 دفعہ سپریم کورٹ، 24 دفعہ ہائی کورٹ گئے، ہمیں ریلیف نہیں ملا' سیف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں حکومت سے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور ان کی صحت کے حوالے سے سوال کر لیے۔ محمود خان اچکزئی نے ایوان میں سوال کیا کہ حکومت بتائے بانی پی ٹی آئی سے کب (بقیہ نمبر 55)

کراچی، ٹرالر کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق، ملزم فرار

کراچی (این این آئی) کراچی ڈیفنس فیز 2 میں لائبریری کے قریب ٹریلر کی ٹکر سے 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو حکام موقع پر پہنچے اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا (بقیہ نمبر 33)

کمشنر کوہاٹ کا منگو جرگے میں امن کیلئے مشترکہ حکمت عملی پر زور

کوہاٹ (سی ایم لنکس) کمشنر کوہاٹ ڈویژن سید معتصم باللہ شاہ نے کہا ہے کہ قبائلی مشران، ضلعی انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کے درمیان باہمی اعتماد اور اشتراک ہی خطے میں پائیدار امن کی ضمانت ہے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 56)

کرک اسپورٹس کمپلیکس کا ٹینڈر جاری، ایک ارب روپے کا بڑا ترقیاتی منصوبہ آغاز کے قریب

کرک (سی ایم لنکس) الہیان کرک کیلئے ایک اہم پیشرفت کے تحت کرک اسپورٹس کمپلیکس کا ٹینڈر باقاعدہ طور پر کر دیا گیا ہے جس کے بعد منصوبے پر عملی پیشرفت کا آغاز متوقع ہے۔ یہ منصوبہ تقریباً ایک (بقیہ نمبر 57)

"مارکاحق" کی پہلی برسی کے موقع پر جی سی یو میں نمائشی ہاکی میچ کا انعقاد

لاہور (سی ایم لنکس) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی (جی سی یو) لاہور میں "مارکاحق" کی پہلی سالگرہ کے موقع پر رنگارنگ نمائشی ہاکی میچ کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ فیسٹیول ہاکی میچ کا (بقیہ نمبر 60)

کچے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز

سال 2026 میں 41 ڈاکو ہلاک، 322 نے ہتھیار ڈال دیے

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ حکومت کے ترجمان سکھمند یو ہمنانی نے کہا ہے کہ سندھ حکومت نے ''آپریشن نجات مہران'' کے تحت کچے کے علاقوں میں ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی ہیں، جس کے نتیجے میں دریائی پٹی میں سرگرم منظم جرائم پیشہ نیٹ ورکس کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ (بقیہ نمبر 59)

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان امریکی قونصل جنرل لاہور اسٹیفن سٹینڈرز کو شیلڈ کر رہے ہیں

NHA کو اپنے وسائل سے منصوبے مکمل کرنیکا حکم

حکم وفاقی مداخلت کی نشاندہی کرتا ہے جہاں صوبائی وعدے پورے نہیں ہو سکے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے 15 مئی 2026 کو اسلام آباد میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اہم بنیادی ڈھانچے کی تکمیل میں تیزی لانے کا فیصلہ کن حکم جاری کیا ہے۔ یہ حکم ان منصوبوں میں وفاقی مداخلت کی نشاندہی کرتا ہے جہاں صوبائی وعدے (بقیہ نمبر 52)

بحری تعلیم' 25 ارب کے اسکالرشپ فنڈ کی تجویز

دس سال میں تقریباً 65 ہزار طلبہ مستفید ہوں گے' وفاقی وزیر جنید انور چوہدری

یہ اقدام آنے والی مالی معاونت کو ایک مربوط سرمایہ کاری ماڈل میں تبدیل کرے گا

فنڈ کے قیام کے لیے ابتدائی طور پر دو تیاری اجلاس ہو چکے ہیں' نورالحق

اسلام آباد (سی ایم لنکس) بحری تعلیم کے شعبے میں طویل المدتی مالی استحکام اور انسانی وسائل کی ترقی کے لیے ''میری ٹائم ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ'' کے تحت 25 ارب روپے مالیت کا اسکالرشپ کارپس قائم کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جس سے دس سال میں تقریباً 65 ہزار طلبہ مستفید ہوں گے۔ یہ بات جمعہ کے روز وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں زیر بحث آئی، جس میں مجوزہ فنڈ کی (بقیہ نمبر 53)

چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو کا وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی استقبال کر رہے ہیں

خواتین ہر شعبے میں مردوں کے شانہ بشانہ ہیں' احسن اقبال

تعلیم تک رسائی اور معیاری تعلیم کو اڑان پاکستان پروگرام کا حصہ بنایا گیا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی خواتین بہت باصلاحیت، زندگی کے ہر شعبے میں مردوں کے شانہ بشانہ اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ حکومت خواتین کو زندگی میں آگے بڑھنے کیلئے مساوی مواقع فراہم کر رہی ہے، ضلعی سطح پر یونیورسٹیز کیمپس کھولنے سے لاکھوں بچیوں کا تعلیم کا خواب پورا ہو رہا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ تعلیم تک رسائی اور معیاری تعلیم کو اڑان پاکستان (بقیہ نمبر 62)

حکومت 28 ویں ترمیم پر مؤقف واضح کرے' گوہر

جو اختیارات وفاق سے صوبوں کو منتقل ہوئے تھے وہ دوبارہ وفاق کو منتقل ہو رہے ہیں؟

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ 28 ویں ترمیم پر حکومت اپنا مؤقف واضح کرے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یہ اسمبلی ایک اور ترمیم کی متحمل نہیں ہو سکتی، حکومت کوئی بھی ترمیم تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیے بغیر نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ کیا 18 ویں ترمیم رول بیک ہو رہی ہے؟ جو اختیارات وفاق سے صوبوں کو منتقل ہوئے تھے (بقیہ نمبر 63)

کراچی میں بڑھتے اسٹریٹ کرائمز' تحریک التوا جمع

مارچ 2026 میں موبائل اسنیچنگ کے 1265 جبکہ اپریل 2026 میں 1624 واقعات رپورٹ ہوئے

توجہ خراب امن و امان کی صورتحال کی جانب مبذول' اسٹریٹ کرمنلز کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کے رکن محمد عامر صدیقی کی جانب سے کراچی میں بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز پر صوبائی اسمبلی میں تحریک التوا جمع کروا دی گئی۔ جمع کروائی گئی تحریک التوا میں بتایا گیا ہے کہ کراچی میں موبائل، موٹر سائیکل اور گاڑی چھیننے کی وارداتوں میں خطرناک اضافہ ہو گیا جس پر شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ مارچ 2026 میں موبائل اسنیچنگ کے 1265 جبکہ اپریل 2026 میں 1624 واقعات رپورٹ ہوئے۔ موٹر سائیکل اور کار اسنیچنگ کے واقعات میں بھی مسلسل اضافے سے شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ محمد عامر صدیقی نے ایوان کی توجہ کراچی میں خراب امن و امان کی صورتحال کی جانب مبذول کرواتے ہوئے اسٹریٹ کرمنلز کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات اور پولیس گشت (بقیہ نمبر 61)

چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری اعلیٰ سرفراز بگٹی اور صوبائی وزراء ایئرپورٹ سے باہر آ رہے ہیں

صوبائی وزیر ذیشان رفیق کا لاہور پریس کلب کا دورہ

ارشد انصاری اور افضل طالب نے صحافیوں کے مسائل پر روشنی ڈالی

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے لاہور پریس کلب کا دورہ کیا اور صدر ارشد انصاری، سیکرٹری افضل طالب اور گورننگ باڈی کے اراکین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ارشد انصاری اور افضل طالب نے کلب کی سرگرمیوں اور صحافیوں کے مسائل پر روشنی ڈالی۔ صوبائی وزیر نے لاہور پریس کلب کے بعض کاموں کے لیے بھی (بقیہ نمبر 58)

پنکی کی نشاندہی پر 45 کروڑ روپے مالیت کی کوکین برآمد

پولیس نے ملزمہ کی نشاندہی پر فلیٹ پر چھاپا مارا، جس پر تالا لگا ہوا تھا، سچل تھانے میں نیا مقدمہ نمبر 783/26 درج

پولیس نے تالا توڑ کر فلیٹ میں داخل ہو کر تلاشی لی اور باتھ روم میں ٹھیلیوں میں پیک کوکین ملی' جس کا وزن 228 گرام تھا

کراچی (آن لائن) کوکین کوئین انمول عرف پنکی کی نشاندہی پر پولیس نے ابوالحسن اصفہانی روڈ کے اے ون کمپلیکس میں چھاپا مار کر بھاری مقدار میں کوکین برآمد کر لی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ برآمد شدہ منشیات 45 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی ہے۔ پولیس نے ملزمہ انمول عرف پنکی کیخلاف سچل تھانے میں نیا مقدمہ نمبر 783/26 درج کیا گیا ہے۔ یہ مقدمہ انٹیلی جنس آفیسر بغدادی شکیل خان کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے، جس میں ملزمہ کیخلاف قانونی کارروائی کا آغاز ہو گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق دوران تفتیش ملزمہ نے کوکین کی موجودگی کا انکشاف کیا، جس پر ملزمہ کی نشاندہی پر خواتین اہلکاروں کے ہمراہ کارروائی کی گئی۔ پولیس نے ابوالحسن اصفہانی روڈ کے اے ون کمپلیکس پر چھاپا مارا، جہاں ملزمہ نے خود پولیس کو فلیٹ کی نشاندہی کی، جس پر تالا لگا ہوا تھا۔ پولیس نے تالا توڑ کر (بقیہ نمبر 64)

عمران واہلیہ کو بہترین علاج مہیا کیا جا رہا، ملاقاتوں کا سیاسی مقاصد کیلئے استعمال غیر قانونی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان واہلیہ کو بہترین علاج مہیا کیا جا رہا، ملاقاتوں کا سیاسی مقاصد کیلئے استعمال غیر قانونی ہے۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس پریزائیڈنگ افسر سینیٹر شیری رحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر رانا ثناء اللہ نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی صحت ٹھیک ہے، دونوں کو بہترین علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 65)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035